ارتھمٹیک

حصۂ اول

جسکو

واقف فنون رای درگاپرساد صاحب اسسٹنٹ انسپکٹر سرشتۂ مدارس اودھ

سرکل نے

مشتمل بر عمدہ مطالب حسابی ضروری مفید طلبہ تالیف فرمایا

حسب الحکم جناب صاحب انسپکٹر بہادر آف پبلک انسٹرکشن ملک اودھ

باضافۂ سوالات وجوابات

واسطے استعمال وتعلیم مدارس سرشتۂ اودھ کے

باراول

مطبع منشی نولکشور مقام لکھنؤ مین چھپا

اکتوبر سنہ ۱۸۸۱ع

غلطنامہ مبادی الحساب حصہ اول

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷	۹	گناہ	گیارہ
۹	۲۲	۱۰ کاموںکی	۱۰- اکائیونکی
۱۴	نمبر ۲ کا چوتھا سوال	۶۰۹	۶۹
؍؍	نمبر ۳ کا پہلا سوال	۸۸	۸۹
۱۷	نمبر ۵ کا نوان سوال	۹۳۲۰۰۸۹	۹۵۳۲۰۰۸۹
۱۸	۵	نیوین	نیوٹن
؍؍	۱۸	کارٹکل	کارٹیکل
۱۹	۶	۳۴۵۰۳	۳۴۵۷۳
۴۲	۲	۴۳	۰۴۳
۴۴	۱۸	یہ حاصل مضروب	یہ حاصل ضرب مضروب کو
۴۶	۲۲	۰ مضروب فیہ	۹۰ مضروب فیہ
۵۶	۵	ارسو	اوسکو
۶۰	سطر اول جانب چپ	مقسوم	مقسوم علیہ
۶۴	۶ سطر	کثر بثائی مثلثہ	کسر بسین مہملہ
۷۴	۲۱	۵۲۳	۵۲۲
۸۰	اول سطر	سمت ۶۰۰۰	سمت ۳۰۰۰
۹۷	۴	صہ ۱۱ ر ۱۰ پائی	صہ ۱۱ ر ۱۰ پائی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹۷	۴	۱۱ر پائی	۱۱ر ۷ پائی
〃	۱۲	۴ر ۲ پائی	۴ر ۳ پائی
〃	۱۹	۱۴ر ۹ پائی	۱۴ر ۹ پائی
〃	۲۰	۱۳ر ۴ پائی	۱۳ر ۳ پائی
۱۱۵	نمبر۱۵ کا چھبیسواں سوال	۸۲ سے	۱۸۲ سے
۱۵۲	دوسرے سوال کا جواب	۶۲۴۳	۶۲۴۰۲
〃	چوتھا سوال	۵۴۳۸۲۵	۵۴۳۶۲۵
۱۶۳	تیرھویں سوال کا جواب	اشرفی ۴۲ - روپیہ ۱۲ - آنہ ۱۳	اشرفی ۴۲ - روپیہ ۱۳ - آنہ ۱۳
۱۷۰	گیارھویں سوال کا جواب	روپیہ ۲۱۵ - آنہ ۰ - پائی ۳	روپیہ ۲۱۵ - آنہ ۰ - پائی ۳ ۱/۴
۱۷۲	بیالیسواں سوال	برس ۹ - دن ۲۳۱ - گھنٹے ۱۱	برس ۱۹ - دن ۲۳۱ - گھنٹے ۱۱
۱۸۶	نمبر۹ کا ساتواں جواب	۶۹۰۰۰۳۴ روپیہ	۴۳۰۰۶۸۰ روپیہ
۱۹۶	سترھواں جواب	پائی ۹ - آنہ ۱۰ - روپیہ ۴۵۵۰۹۶	پائی ۹ - آنہ ۱۰ - روپیہ ۴۵۵۶۹۶
۱۹۷	نواں جواب	پائی ۹ - آنہ ۱۰ - روپیہ ۱۰	پائی ۹ - آنہ ۱۰ - روپیہ ۲۰
۱۹۹	بارھواں جواب	پائی ۹ - آنہ ۸ - روپیہ ۹۳۹	پائی ۹ - آنہ ۸ - روپیہ ۶۹۳۹
۲۰۰	اٹھارھواں جواب	پائی ۳ - آنہ ۰ - روپیہ ۲۸۹۹۱	پائی ۳ - آنہ ۰ - روپیہ ۲۵۹۹۱
۲۰۸	نمبر۴۲ کا سترھواں جواب	۴۲۸۳۶۶۳ ۱۲ $\frac{5}{9}$	۴۲۸۳ ۶۳ ۱۲ $\frac{5}{9}$

مبادی الحساب حصہ اول

پہلی فصل

علم اعداد کو علم حساب کہتے ہین۔

کسی شی یا چیز کے فرد کو ایک یا اکائی بولتے ہین۔

پورے ایک یا پوری پوری اکائیون کا نام عدد صحیح ہے۔


علم حساب مین جملہ اعداد کے لیے دش علامتین یا شکلین مقرر ہین انکو ہندسے کہتے ہین انکی شکلون اور نامون کا جاننا اور پہچاننا اور انمین سے ہر ایک کی طاقت سمجھنا ضرور ہے چنانچہ انکی صورت اور نام یہ ہین۔

ایک ۱ دو ۲ تین ۳ چار ۴ پانچ ۵ چھہ ۶ سات ۷ آٹھہ ۸ نو ۹ صفر ۰


صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام
۱	ایک	۲	دو	۳	تین	۴	چار
۵	پانچ	۶	چھہ	۷	سات	۸	آٹھہ
۹	نو	۱۰	دس	۱۱	گیارہ	۱۲	بارہ

صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام
۱۳	تیرہ	۱۴	چودہ	۱۵	پندرہ	۱۶	سولہ
۱۷	سترہ	۱۸	اٹھارہ	۱۹	اونیس	۲۰	بیس
۲۱	اکیس	۲۲	بائیس	۲۳	تئیس	۲۴	چوبیس
۲۵	پچیس	۲۶	چھبیس	۲۷	ستائیس	۲۸	اٹھائیس
۲۹	اونتیس	۳۰	تیس	۳۱	اکتیس	۳۲	بتیس
۳۳	تینتیس	۳۴	چونتیس	۳۵	پینتیس	۳۶	چھتیس
۳۷	سینتیس	۳۸	اڑتیس	۳۹	اونتالیس	۴۰	چالیس
۴۱	اکتالیس	۴۲	بیالیس	۴۳	تینتالیس	۴۴	چوالیس
۴۵	پینتالیس	۴۶	چھیالیس	۴۷	سینتالیس	۴۸	اڑتالیس
۴۹	اونچاس	۵۰	پچاس	۵۱	اکیاون	۵۲	باون
۵۳	ترپن	۵۴	چون	۵۵	پچپن	۵۶	چھپن
۵۷	ستاون	۵۸	اٹھاون	۵۹	اونسٹھ	۶۰	ساٹھ
۶۱	اکسٹھ	۶۲	باسٹھ	۶۳	ترسٹھ	۶۴	چونسٹھ
۶۵	پینسٹھ	۶۶	چھیاسٹھ	۶۷	سرسٹھ	۶۸	اڑسٹھ
۶۹	اونہتر	۷۰	ستر	۷۱	اکہتر	۷۲	بہتر
۷۳	تہتر	۷۴	چوہتر	۷۵	پچہتر	۷۶	چھہتر
۷۷	ستتر	۷۸	اٹھتر	۷۹	اوناسی	۸۰	اسی
۸۱	اکیاسی	۸۲	بیاسی	۸۳	تراسی	۸۴	چوراسی
۸۵	پچاسی	۸۶	چھیاسی	۸۷	ستاسی	۸۸	اٹھاسی
۸۹	نواسی	۹۰	نوے	۹۱	اکیانوے	۹۲	بانوے
۹۳	ترانوے	۹۴	چورانوے	۹۵	پچانوے	۹۶	چھیانوے
۹۷	ستانوے	۹۸	اٹھانوے	۹۹	ننانوے	۱۰۰	سو

گنتی مین اکائی دہائی وغیرہ کی انیس ۱۹ درجے ہوتے ہین اور ہر ایک درجہ اپنے پہلے درجے کی نسبت دس گنا ہوتا ہے اور درجون کا شمار داہنی طرف سے ہوتا ہے ❊



اکائی	۱
دہائی	۱۰
سیکڑا	۱۰۰
ہزار	۱۰۰۰
دس ہزار	۱۰۰۰۰
لاکھ	۱۰۰۰۰۰
دس لاکھ	۱۰۰۰۰۰۰
کرور	۱۰۰۰۰۰۰۰
دس کرور	۱۰۰۰۰۰۰۰۰
ارب	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰
دس ارب	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
کھرب	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
دس کھرب	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
نیل	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
دس نیل	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
پدم	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
دس پدم	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
سنکھ	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
دس سنکھ	۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰



ایک دہائی مین دس اکائی ہوتی ہین ـ
ایک سیکڑے مین دس دہائی یا سو اکائی ہوتی ہین ـ
ایک ہزار مین دس سیکڑے یا سو دہائی یا ہزار اکائی ہوتی ہین ـ
دس ہزار مین ہزار دس یا سیکڑے سو یا دہائی ہزار یا اکائی دس ہزار ہوتی ہین ـ
ایک لاکھ مین دس ہزار دس یا ہزار سو یا سیکڑے ہزار یا دہائی دس ہزار یا اکائی لاکھ ہوتی ہین ❊

اعداد کے پڑھنے کا قاعدہ

جس عدد کو پڑھنا ہو اوسکی سب سے داہنے ہندسے سے اکائی دہائی وغیرہ پڑھنا شروع کرو اور یہ عمل بائیں طرف کے آخر ہندسے تک جاری رکھو اگر عدد میں چار یا چھ یا آٹھ یا دس یا بارہ ہندسے ہوں یعنی ہندسونکی تعداد جفت ہو تو عدد کے سب سے بائیں ہندسے کو مع اوسکے مرتبہ کے پڑھو پھر دو دو ہندسونکو ملاکر مع اونکے مرتبہ کے پڑھو جب تک سیکڑے کے ہندسے تک پہونچو پھر سیکڑے کے ہندسے کو پڑھکر باقی دو ہندسوں کو ملاکر پڑھو

اگر عدد میں تین یا پانچ یا سات یا نو یا گیارہ ہندسے ہوں یعنی ہندسونکی تعداد طاق ہو تو بائیں طرف سے دو دو ہندسونکو ملاکر مع اونکے مرتبہ کے پڑھو جبتک سیکڑے کے ہندسے تک پہونچو

نیچے جو اعداد لکھے ہیں اونھیں پڑھو

۸ و ۱۷ و ۵۲ و ۳۶۵ و ۴۵ و ۹۸ و ۱۰۰۰۱ و ۱۳۲۰۷ و ۹۰۰۰ و ۵۰ و ۲۰۰

۴۳ و ۴۰ و ۳۰۰۰ و ۱۰ و ۶۰۰ و ۶۰۰ و ۷۰۰۰۰ و ۵۰ و ۳۰۰ و ۹۵۰ و ۴۳ و ۲۰ و ۵۰۰۰

اکائی	۴	۶	۳	۵	۵	۰	۶	۰	۰	۴	۰	۹	۵	۰
دہائی		۲	۵	۳	۴	۰	۰	۰	۵	۰	۲	۰	۰	۷
سیکڑا				۳	۴	۰	۳	۰	۰	۴	۰	۰	۳	۳
ہزار					۲	۰	۴	۳	۰	۰	۰	۰	۹	۰
دس ہزار						۲	۲		۳	۰	۹	۰	۰	۳
لاکھ										۰	۰	۹	۵	۰
دس لاکھ										۳	۰		۴	۰
کرور											۴			۰
دس کرور														۵
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ارب	کروڑ	لاکھ	ہزار	سو		لاکھ	ہزار	سو
۹۰	۸۸	۵۶	۲۳	۱	۵۰	۳۷	۵۴	۲۳۲
	۹۰	۷۰	۳۰	۵	۲۵	۵۶	۳۷	۲۲۰

اعداد لکھنے کا قاعدہ

جس عدد کو لکھنا ہو اوسمین جو اکائی کا عدد شامل ہو اوسکو اول لکھو اور اکائی کا مرتبہ خالی ہو تو صفر لکھو اور پھر جو دہائی کا عدد ہو اوسکو اکائی کے مرتبہ کے بائین طرف لکھو اور اسیطرح سیکڑا ہزار وغیرہ کے جو عدد ہون اونکو درجہ بدرجہ بائین طرف لکھو اور جو مرتبہ خالی ہو اوسکی جگہ صفر رکھو۔

دوسرا قاعدہ

جس بڑے عدد کو لکھنا ہو اوسکے سب سے بڑے مرتبہ کے شمار کو ہندسے مین لکھو اور یاد رکھو کہ اوسکے بعد جو درجہ بدرجہ چھوٹے مرتبون کو لکھو اور تین سیکڑے کے سوا سے ہر ایک مرتبہ مین دو ہندسے ہونگے اور اگر کسی مرتبہ مین اکائی یا دہائی نہو تو اوس جگہ صفر رکھو۔

سوال

باون و تین سو پینسٹھ و چار سو چار و ایک ہزار آٹھ سو چونتیس و آٹھ ہزار چالیس و دس ہزار چھ سو چھ و بیس لاکھ چالیس ہزار ستانوے و تین کروڑ پینتیس لاکھ چھپن ہزار سات سو نواسی ان عددونکو ہندسونمین لکھو۔

							۵	۲	باون
						۳	۶	۵	تین سو پینسٹھ
						۴	۰	۴	چار سو چار
					۱	۸	۳	۴	ایک ہزار آٹھ سو چونتیس
					۸	۰	۴	۰	آٹھ ہزار چالیس
				۱	۰	۶	۰	۶	دس ہزار چھ سو چھ
		۲	۰	۴	۰	۰	۹	۷	بیس لاکھ چالیس ہزار ستانوے
	۳	۳	۵	۵	۶	۷	۸	۹	تین کروڑ پینتیس لاکھ چھپن ہزار سات سو نواسی

سوالات مشق
نمبر ۱

اعداد مندرجہ ذیل کو پڑھو یا الفاظ میں لکھو۔

۱— ۳۴ و ۶۰ و ۸۸ و ۹۷ و ۵۹ و ۱۲ و ۲۱ و ۱۹ و ۲۵—

۲— ۶۵ و ۷۸ و ۸۹ و ۹۹ و ۶۹ و ۹۴ و ۳۹ و ۴۹ و ۷۹—

۳— ۱۰۸ و ۲۰۹ و ۰۱۹ و ۴۳۰ و ۶۳۹ و ۰۸۰ و ۹۴۰ و ۰۰۹ و ۹۳۵—

۴— ۴۶۰۵ و ۵۰۷۸ و ۵۸۹۰ و ۶۹۰۰ و ۶۰۰۹ و ۰۲۵۸ و ۲۵۸۰
و ۷۰۴۹ و ۸۰۰۲—

۵— ۲۰۷۱۴ و ۳۵۰۱۹ و ۶۴۲۰۵ و ۷۱۸۹۰ و ۸۹۸۴۷ و ۶۵۵۵۶
و ۸۸۰۰۰ و ۹۰۰۰۰ و ۷۶۸۴۷—

۶— ۲۰۴۵۰۹ و ۵۴۶۰۰۸ و ۷۶۸۵۲۶ و ۸۱۱۹۰۰ و ۶۰۰۰۰۷
و ۳۰۰۰۵۹ و ۹۰۰۵۴۷ و ۴۰۵۳۰۸ و ۲۳۰۸۵۳—

۷— ۲۳۰۸۵۳۱ و ۴۰۵۳۰۸۰ و ۹۰۰۵۴۷۲ و ۳۰۰۰۵۹۳
و ۶۰۰۰۰۷۵ و ۸۱۱۹۰۰۴ و ۷۶۸۵۲۶۸ و ۵۴۶۰۰۸۹
و ۲۰۴۵۰۹۷

۸— ۴۷۸۹۳۹۲۵ و ۲۰۷۶۷۳۰۲ و ۶۸۰۵۶۲۷۱
و ۳۷۸۰۵۳۸۶ و ۷۸۷۲۰۵۷۳ و ۵۵۳۸۲۰۸۵
و ۸۰۰۷۵۹۰۴ و ۸۰۰۰۰۳۰۵ و ۷۰۰۰۰۰۰۳—

۹— ۷۴۹۸۸۷۲۰۵ و ۲۸۶۷۳۷۸۰۳
و ۸۶۰۵۶۲۷۰۱ و ۳۰۸۰۳۵۶۸۰
و ۸۷۲۷۰۰۷۳ و ۵۳۰۰۰۰۵۷۹
و ۹۸۰۰۰۰۰۲۴ و ۸۰۷۰۹۰۰۴۱
و ۷۰۰۹۰۸۰۰۴—

سوالات مشق
نمبر۲

ان رقوم کو ہندسون مین لکھو۔

۱۔ تریسٹھ - اکیاسی - ننانوے - چالیس - انتالیس - تیرہ
انچاس - پچپن - اناسی۔

۲۔ ایک سو ترپن - دو سو اونسٹھ - تین سو نو - چار سو بیس - پانچ سو نواسی
سات سو اکہتر - آٹھ سو تیئیس - نو سو اڑتالیس - چھ سو چھپن -

۳۔ دو ہزار تین سو سرسٹھ - چار ہزار آٹھ سو چھیالیس - پانچ ہزار اکیس - تین ہزار چار
چھ ہزار نو سو - آٹھ ہزار سات سو سینتالیس - نو ہزار اکیاسی -
سات ہزار آٹھ سو ساٹھ - نو ہزار ایک -

۴۔ پندرہ ہزار تین سو اکتالیس - گیارہ ہزار ایک سو گیارہ - اکیس ہزار تین سو باون
تیس ہزار پانچ سو چونتیس - چالیس ہزار چھیالیس - ساٹھ ہزار پانچ
اٹھاسی ہزار نو سو پچاس - اٹھتر ہزار دو سو - نواسی ہزار اٹھانوے -

۵۔ تین لاکھ چھ سو تراسی - چار لاکھ پانچ ہزار تین سو چار - دو لاکھ گیارہ ہزار
نو سو اکتالیس - چار لاکھ انچاس ہزار تین سو اونسٹھ - چھ لاکھ اکیس ہزار
آٹھ سو باون - پانچ لاکھ ایک - تین لاکھ چالیس - سات لاکھ چار سو
اٹھانوے - آٹھ لاکھ نو ہزار چار سو اٹھتر -

۶۔ سینتالیس لاکھ نواسی ہزار تین سو بانوے - بیس لاکھ چہتر ہزار سات سو تیس
اڑسٹھ لاکھ پانچ ہزار چھ سو ستائیس - سینتیس لاکھ اسی ہزار چار سو اٹھانوے
اٹھتر لاکھ چہتر ہزار نو سو ستاون - چون لاکھ اڑتیس ہزار دو سو آٹھ -
اسی لاکھ سات ہزار پانچ سو نوے - نوے لاکھ پانچ سو تین -
ستر لاکھ دو -

۷۔ تین کرور اونسٹھ لاکھ بانوے ہزار تین سو اٹھانوے - نو کرور تہتر لاکھ

دو ہزار چھ سو ستتر — چھ کرور چھیانوے لاکھ تہتر ہزار دو سو تئیس — آٹھ کرور
تیس لاکھ چھیاسی ہزار تین سو اکسٹھ — سات کرور اونسٹھ لاکھ چار ہزار پانچ سو
تریسٹھ — نو کرور سرسٹھ لاکھ اٹھانوے ہزار چار سو آٹھ — تین کرور
چھتیس لاکھ ستاون ہزار سات سو اونہتر — چھ کرور اکیاون لاکھ آٹھ ہزار
تین سو بیاسی — پانچ کرور چار لاکھ نو ہزار ستانوے —

۸ — چھپن کرور ستائیس لاکھ تراسی ہزار نو سو چھیالیس — اٹھانوے کرور اکتر لاکھ
باسٹھ ہزار پانچ سو آٹھ — اڑتیس کرور چھیانوے لاکھ باون ہزار آٹھ سو ترانوے
— چھتیس کرور تہتر لاکھ چھیانوے ہزار چھ سو اٹھتر — تیس کرور چالیس لاکھ
پچاس ہزار گیارہ — تیس کرور پانچ لاکھ چار ہزار آٹھ سو — چھیالیس کرور
پچاس لاکھ بیس ہزار آٹھ — اسی کرور ایک — ستر کرور چار ہزار پانچ سو تہتر

۹ — چھیالیس اور اکیاون کے درمیانی اعداد لکھو —
ستاسی اور ننانوے کے درمیان کے عدد اور نو سو سرسٹھ و نو سو ستتر کے
بیچ کے عدد اور سات سو گیارہ سے سات سو تئیس تک کے اعداد لکھو —

دوسری فصل

جمع مفرد

سوالات زبانی حل کیواسطے

۱ — پانچ آنب اور چار آنب کے آنب ہوئے —
۲ — ایک ہاتھی اور ایک گھوڑے اور دو بکریوں اور ایک تیتر کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں
۳ — زید کے پاس چار پیسے ہیں عمرو کے پاس پانچ بکر کے پاس سات اور خالد کے پاس آٹھ
تو بتاؤ ان سب کے پاس کتنے پیسے ہیں —

جمع مفرد

ایک قسم کے چند عددوں کے اکٹھا کرنیکو جمع کرنا کہتے ہیں یا جمع ایسی ترکیب کو کہتے ہیں

جس سے دو یا دو سے زیادہ عددونکے برابر ایک نیا عدد دریافت ہو جاوے۔ جب دو یا دو سے زیادہ عددونکو اکٹھا کرتے ہین یا جوڑتے ہین تو بعد جوڑنے کے جو عدد حاصل ہوتا ہے اوسکو حاصل جمع بولتے ہین —

جب علامت + ثبت دو یا زیادہ عددونکے درمیان لکھی جاتی ہے تو اوس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اعداد مذکور باہم جوڑے جانے کو ہین مثلاً ۲ + ۴ + ۸ سے یہ مراد ہے کہ اعداد ۲ و ۴ و ۸ باہم جوڑے جانے کو ہین یعنے انکی حاصل جمع سے مطلب ہے اگر دو یا زیادہ اعداد کے درمیان علامت = مساوات ہووے تو اوس سے یہ مراد ہے کہ اوسکے دونون جانب کے اعداد باہم مساوی یعنی برابر ہین مثلاً ۳ + ۵ = ۸

قاعدہ

(۱) جن عددونکو جمع کرنا ہو اونکو ایک دوسرے کے تلے اس ترتیب پر لکھو کہ اونکی اکائی ایک دوسرے کے تلے رہین اور دہائی دہائی کے تلے اور علے ہذا القیاس سیکڑا اور مرتبہ اپنے اپنے تلے رہین اور پھر سب کے نیچے ایک عرضی خط کھینچو —

جیسے ۵۳۶ اور ۳۷۸۵ و ۸۲۸۸۷ — انکو جوڑنا ہے تو اونکو اس ترتیب سے لکھا —

۵ ۳ ۶

۳ ۷ ۸ ۵

۸ ۲ ۸ ۸ ۷

(۲) اکائیونکے سب ہندسونکو جوڑ کر دیکھو کہ اونکے جوڑ یعنے حاصل جمع مین کتنی دہائیاں ہین اونکو ہاتھ لگا مان کر باقی اکائیونکو اکائی کے مرتبے پر لکھو اور اگر باقی مین کوئی اکائی نہ ہو تو صفر رکھدو —

جیسے اکائی کے ہندسے ۱ و ۵ و ۷ کو جوڑا تو ۱۸ — اکائیان ہوتین لیکن دس اکائیونکی ایک دہائی بنتی ہے اسلیے ۱۰ کائیونکی ایک دہائی اور آٹھ اکائی ہوئین

۸ کو اکائی کے مرتبہ پر رکھا اور ایک دہائی کو یاد رکھا ۔

۵۳۶
۳۷۸۵
۸۲۸۵۷
۹

(۳) پھر بطریق مذکورہ دہائیونکو جوڑکر حاصل جمع مین ہاتھہ لگی دہائی کو ملا دو اور دیکھو کہ اس حاصل عدد مین کتنے سیکڑے ہین اونکو ہاتھہ لگا مان باقی دہائیونکو باقی اکائیون مذکور کی بائین طرف لکھو اور اسیطرح اگر ہزار وغیرہ اور مرتبہ ہون تو اونکا حاصل جمع نکالکر بطریق مذکور لکھو اسطرح سے جو عدد حاصل ہو وہی حاصل جمع مطلوب ہوگا جسطرح دہائی کے ہندسے ۳ و ۸ و ۵ و ۸ کو جوڑا تو ۱۹ دہائی ہوئین اونمین یاد رکھی ہوئی دہائی ایک کو جوڑا تو ۲۰ دہائی ہوئین لیکن دس دہائی کا ایک سیکڑا بنتا ہے اسلیے بیس دہائیونکو دو سیکڑے ہوے اس سبب سے دہائی کی جگہ صفر رکھا اور دو سیکڑون کو سیکڑون کے جوڑ ۲۰ مین جوڑا تو ۲۲ سیکڑے ہوے لیکن دس سیکڑے کا ایک ہزار ہوتا ہے اسلیے ۲۲ سیکڑون کے ۲ ہزار اور دو سیکڑے ہوے ۲ کو سیکڑے کے مرتبہ پر لکھا اور ۲ ہزار کو ہزارون کے جوڑ ۵ مین جوڑا تو ۷ ہزار ہوے اسلیے ۷ کو ہزار کے مرتبہ پر لکھا اور ۸ کو دس ہزار کے مرتبے پر لکھا اسی طرح سے ۸۰۲۷۰ حاصل جمع ہوا اسیطرح پر دوسری و تیسری و چوتھی مثال جو نیچے لکھی ہین اونکا حاصل جمع نکالو ۔

۵۳۶
۳۷۸۵
۹۲۸۹۷
۸۷۲۰۸

مثال دوسری	مثال تیسری	مثال چوتھی
۶۸۲۴	۲۳۴۵۶	۳۷۸۰۰۵
۳۶۲	۷۸۹۰۱	۶۳۲۰۰
۴۱	۲۳۴۵۶	۴۲۰۰۹۸
۲۵۴	۷۴۸۱	۲۱۷۹۰۰
۷۴۸۱	۱۳۳۰۹۴	۷۰۹۵۶
		۱۱۵۰۱۵۹

مثال دوسری
ترکیب جوڑنے کی

چار۴ اور دو۲ چھ۶ اور ایک سات۷ اور چار گیارہ۱۱ کا ایک ہاتھ لگا ایک۱ اور ایک اور دو۲ تین اور چھ نو۹ اور چار تیرہ۱۳ اور پانچ اٹھارہ۱۸ کے آٹھ۸ ہاتھ لگا ایک ایک۱ اور آٹھ نو۹ اور تین بارہ۱۲ اور دو چودہ۱۴ کے چار۴ ہاتھ لگا ایک۱ اور ایک اور چھ۶ سات ۔

مثال تیسری

چھ۶ اور ایک سات اور چھ تیرہ۱۳ اور ایک چودہ۱۴ کے چار۴ ہاتھ لگا ایک ایک۱ اور پانچ۵ چھ اور پانچ گیارہ۱۱ اور آٹھ انیس۱۹ کے نو۹ ہاتھ لگا ایک ایک اور چار پانچ۵ اور نو۹ چودہ۱۴ اور چار اٹھارہ۱۸ اور دو۲ بیس کا صفر ہاتھ لگے دو دو۲ اور تین۳ پانچ اور آٹھ تیرہ۱۳ اور تین۳ سولہ۱۶ اور سات تیئیس۲۳ کے تین۳ ہاتھ لگے دو دو۲ اور دو۲ چار اور سات گیارہ۱۱ اور دو۲ تیرہ۱۳ ۔

امثال جمع بموجب طریق طولانی

دہ ہزار	ہزار	سیکڑا	دہائی	اکائی
۲	۳	۸	۷	۲
	۵	۶	۳	۵
	۷	۰	۸	۹

۱۶ اکائی
۱۸ دہائی
۱۴ سیکڑا
۱۵ ہزار
۲ دہ ہزار
۳۶۵۹۶

ہزار	سیکڑا	دہائی	اکائی
۳	۴	۶	۵
۲	۵	۷	۸
۷	۵	۲	۳

۱۶ اکائی
۱۵ دہائی
۱۴ سیکڑا
۱۲ ہزار

حاصل جمع ۱۳۵۶۶

سوالات جمع

(۱)
۹
۴
۵
۳۶
۱۸
۷۲
―――
۱۴۴

(۲)
۸
۱۷
۹
۶۸
۳۴
۱۳۶
―――
۲۷۲

(۳)
۱۸
۷۰
۳۵
۱۷۰
۲۸۰
۱۴۰
―――
۷۱۳

(۴)
۱۹۳۰
۶۸۱
۷۷۲۰۰
۲۸۴۵
۳۸۶۰
۹۶۵
―――
۸۷۴۸۱

(۵)
۸۷۲۱۴۵
۶۲۱۷۸
۴۹۵۸
۴۵۷۸۱
۳۴۲۱
۶۴۳
―――
۹۸۹۱۲۶

(۶)
۱۰۰۵۶
۳۳۷۹۲
۱۳۲
۴۲۲۴
۶۷۵۸۴
۲۱۱۲
۲۶۴
۸۹
―――
۱۱۸۲۵۳

(۷)
۱۵۸۷۲
۳۹۶۸
۴۹۶
۳۱
۶۳۴۸۸
۳۱۷۴۴
۲۴۸
۱۹۸۴
―――
۱۱۷۸۳۱

(۸)
۱۱۰۰۸
۲۷۵۲
۶۸۸
۱۷۲
۸۸۰۶۴
۱۳۹
۳۴۴
۲۲۰۱۶
―――
۱۲۵۱۷۳

سوالات جمع

(۱) ایک سوار یکشنبہ کو ۲۷ میل چلا دوشنبہ کو ۲۹ میل سہ شنبہ کو ۴۳ میل چہارشنبہ کو ۲۹ میل پنجشنبہ کو ۵۰ میل چلا اور جب بہت تھک گیا تو جمعہ کو ۴۰ میل چھ پہیے کی گاڑی مین سوار ہوکر چلا تو بتاؤ کہ وہ شخص ۶ دن کے عرصہ مین کتنے میل چلا۔

جواب ۲۱۸ میل

(۲) ایک گھوسی کے پاس ۳۵ گائین اور نو بھینسے اور ۴۰ بیل اور ۵۱ بکری اور ۲ گھوڑیان تھین تو بتاؤ اوسکے پاس سب کتنے جانور تھے۔

جواب ۱۴۲ جانور

(۳) ایک بنیا داد و ستد یعنی لین دین کا کام کرتا تھا اور اوسکے چار شخصون پر روپیہ لینے تھے پہلے شخص کو ۱۵۴۳ روپیہ ایک دفعہ کے دئیے تھے اور ۵۶۵ دوسری

دوسری دفعہ کے دینے تھے اسیطرح دوسرے شخص کو ۴۳۳ روپیہ اور ۹۰۵ روپیہ دینے تھے اور تیسرے شخص کو ۳۵۹ روپیہ دینے تھے اور چوتھے شخص کو ۲۹۸ روپیہ دینے تھے تو بتلاؤ اوس بنیے کو سب کتنے روپیہ لینے تھے۔ جواب ۶۰۱۱ روپیہ

(۴) ایک باغچہ مین ۶۵۳ پیڑ آم کے تھے اور ۱۷ جامن کے اور ۵۲۱ نیبو کے ۱۹۲ سنگترہ کے اور ۱۲ کھرنی کے اور ۶ شہتوت کے تو بتاؤ اوس باغچہ مین کل ملکر کتنے درخت تھے۔ جواب ۱۴۰۱

(۵) ایک چمار کی دکان پر ۳۷۵ مردانہ کفشی جوڑے جوتونکے تھے اور ۵۶۰ جوڑے نری کے اور ۲۰ جوڑے ہرن کی کھال کے اور ۸۹۵ جوڑے چھوٹے لڑکون کے پہننے کے تھے تو بتاؤ اوس چمار کی دکان مین سب کتنے جوڑے تھے۔ جواب ۱۸۵۰ جوڑے

(۶) ایک راجہ کی سواری نکلی اوسمین ۶۰۰۔ آدمی ہاتھی کے ہودونمین سوار تھے اور ۲۰۰۴۔ آدمی گھوڑون پر سوار تھے اور ۷۶۷۔ آدمی اونٹون پر چڑھے چلے جاتے تھے اور ۳۵۴۔ آدمی پیدل تھے تو بتاؤ کہ کل آدمی کتنے تھے۔ جواب ۳۷۲۵ آدمی

(۷) ایک شخص ستائیسوین اکتوبر سنہ ۱۸۵۳ء کو ایک جگہ نوکر ہوا اور ۵ جون سنہ ۱۸۷۰ء تک اوسی جگہ نوکر ہے تو بتلاؤ اب تک اوسنے کتنے دن نوکری کی اور یاد رکھو کہ ہر ایک سن ماہ جنوری سے شروع ہوتا ہے اور ماہ دسمبر مین آخر ہوتا ہے اور مہینونکے نام اور اونکے دنونکی تعداد اسطرح پر ہے۔

ایام	۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱
نام مہینہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر

جواب ۱۶ برس ۷ مہینے اور ۸ دن

سوالات جمع نمبر ۳

اعداد مندرجہ ذیل کو جمع کرو۔

۱۔

ا	ب	ج	د	ہ
۸	۹	۱۶	۳۵	۲۱
۲۷	۳۲	۸	۱۴	۸
۱۴	۴۱	۵۴	۲	۳۵
۹	۶	۳۸	۶	۴۳
۶۷	۳۵	۸	۱۰	۲
۳	۴	۲۷	۹	۶۵
۹۳	۹	۸	۱۴	۸

و	ز	ح	ط
۱۴	۵۶	۹	۸۱
۸	۴۳	۱۵	۳۲
۹۹	۶۰	۳۲	۵۰
۹	۷	۲۵	۸
۱۶	۵	۶	۶۳
۶۱	۱۸	۴۰	۲۵
۵	۱۲	۱۳	۱۴

۲۔

ا	ب	ج	د	ہ
۱۴	۴۷۰	۳۷۰	۸۴	۶۵۲
۳۷۰	۷۰	۲۹	۷۲۵	۲۹
۸۶	۳۰۷	۸۶	۶۰۹	۴۵۸
۵۲۱	۶۵	۹۴۳	۵۳۷	۳۶۷
۳۹	۱۷۶	۲۷۹	۲۶۸	۴۹

و	ز	ح	ط
۳۷۲	۴۷۶	۸۳۰	۵۰۰
۴۱۴	۲۵۵	۲۱۶	۳۰۴
۳۴	۱۴۹	۸۴۲	۶۱۶
۱۳۷	۴۳۶	۹۹	۷۰۷
۷۳۶	۸۴	۱۶	۸۹۵

۳۔

ا	ب	ج	د	ہ
۳۰۵	۶۰۲	۴۸	۴۹۰	۳۸۵
۲۶	۹	۶۳۹	۱۸	۴۷
۱۴۳	۳۰۸	۲۵۸	۲۰	۶۹۳
۸۹	۵۸	۶۵	۶	۹
۴۶	۶۴۷	۸۹۳	۹۹۰	۲۰۹
۲۵۳	۸۹۲	۴۷۶	۴۶۵	۴۶۵

۶

۹
۶۷
۵۰۰
۳۵
۹۰۹
۸۰

۷

۶۵
۳۰۸
۴۰
۵۳۹
۶۷۰
۹

۸

۴۲
۴۴۰
۹۰
۱۹
۹۱۰
۶۸۸

۹

۶۷۹
۸۵۸
۳۷۹
۶۸۵
۹۲۷

۴—

۱

۳۲ ۱۴ ۱۳
۴۵ ۲۷ ۳۴
۳۷۱۸
۲۴۵۶۱
۳۴ ۱۳ ۲۳

۲

۵۴۳۱۲۳
۲۳۴۵۱۲
۷۱ ۳۱ ۴۵
۱۰ ۴۲ ۳۴
۳ ۶۱ ۴۲
۳۴۵۱

۳

۵۳ ۶۱۲۳
۴۵ ۳۲۱۵
۱۲ ۳۴
۴۲ ۳۱
۵۱۲ ۳۴
۰۶۱ ۳۲۵۴

۴

۱۲ ۳۴۵۶
۲۳ ۴۵۶۱
۳۴ ۵۶ ۱۲
۴۵ ۶ ۱۲۳
۵۶ ۱ ۲۳۴
۶۱ ۲۳۴۵

۵

۷۶۱۲۸۴
۶۱۲۸۷۴
۸۷۱۹
۴۶۷۵۹
۵۸۷۹۹۹
۹۸ ۷۶۷۸

۶

۶۵ ۷۸۹۰
۲۷ ۸۶۷۹
۵۷۹۸
۶ ۷ ۸۴۳
۴۸ ۹ ۵۶۷
۳ ۷ ۴۲۹

۷

۶۹ ۲۳ ۸۷
۴۹ ۵۶
۸۷۵۸
۷۶۹۳۷۸
۵۷۹۰
۸۷۶۵۸

۸

۷۶۸۴۵۳
۳۵۸۴۲۸
۸۷۹۶
۵۴۹۳۷
۴۹۵
۸۷۶۵۷۸

۹

۹۴۱۶۲
۲۱۹۵۴
۸ ۱۲
۵۹۳
۳۵۶۴۷
۴۸۹۵

۵ —

(۱)

۲۰۷
۱۸۱۶
۹۶۵۴
۲۷۱۸
۳۰۶۴
۹۷

(۲)

۳۰۱۹
۷۲۸
۶۵۱۴
۷۰۲۱۸
۶۴۰۰
۲۱۷

(۳)

۴۰۹
۱۷۱۸
۶۰۷
۲۰۱۹۱
۷۹۰۲
۱۸۰۶۱

(۴)

۲۰۱۷۱
۳۸۶۴
۱۹۷
۲۱۲۱۶
۸۹۰۷
۶۳۴۱۸

(۵)

۲۱۰۱۷۶
۳۴۹۸۰۰۱
۳۲۱۸۱۶
۴۹۷۸۱۰۱
۲۱۸۰۶۹
۱۷۶۵۴

(۶)

۴۸۷۹۴۵۶
۱۸۳۲۱۹۱۸
۸۴۷۱۶۵۴
۵۷۹۰۸۱۴
۳۱۵۶۱۹
۴۱۰۰۷

(۷)

۹۹۱۷۳۲۱
۴۲۰۶۵۴
۸۷۳۹۷
۲۴۱۶۸۵۴
۸۲۷۹۱۶
۴۹۷۲۸

(۸)

۹۰۰۱۸۵۳۸
۱۰۴۷۰۶۱۵
۹۱۰۵۶۸
۱۰۰۶۴۹
۱۶۹۱۲
۶۴۰۳۹۷
۷۵۱۸۴۳۸

(۹)

۶۷۴۸۰۶
۱۳۶۰۸۱۱۱
۸۲۰۰۶۴۹
۳۷۳۸۴۶۳۹
۹۰۶۷۰۵۳۸
۹۹۴۱۵۷۰۷

۶ —

(۱)

۵۱۴۰۷
۹۰۷۸۱
۶۸۹۴۳
۳۲۶۰۰
۷۲۷۷۷

(۲)

۸۲۰۷۹
۸۸۰۹۹
۶۷۰۰۵
۷۴۳۸۷
۱۲۳۴۵

(۳)

۹۶۷۴۸
۲۵۰۰۳
۸۴۰۶۷
۹۵۶۷۴
۹۸۷۶۵

(۴)

۳۲۳۵۶
۸۴۷۷۱
۶۶۸۵۴
۷۲۹۸۴
۹۹۹۹۹

(۵)

۱۵۱۶۱
۸۰۹۸
۹۵۸
۴۹۷۹۰
۷۸۳۶۸

(۶)

۹۴۶۶۴۹۵
۷۵۴۵۴۷۸
۲۹۰۹۹
۲۹۸۸۶۰۷
۹۲۹۲۹۲۹
۷۸۳۳۲۱۰

۵۷۷۰۸۲۱	۲۷۵۹۱۰۴۶	۷۶۸۴۰۰
۹۱۰۱۴۶	۵۷۶۸۰۰۰	۹۳۲۰۰۸۹
۶۵۴۳۰۸۹	۳۹۰۳۹۵۸۷	۶۹۴۹
۷۳۰۰	۵۹۶۴۵۹	۸۴۹۸۲۷۵۹
۷۶۸۳۷۰۹	۵۳۴۸۴۲	۷۰۰۸۹۷
۳۶۸۴۷۹۲	۱۹۸۲۷۶۳۴	۷۸۵۶۳۴۱۲

۷ —

(۱)	(۲)	(۳)
۷۶۴	۵۷۸۰	۶۰۳۸
۳۰	۳۶	۴۷
۷	۵۴۱	۶۵۱
۶۹	۶۸۳۷	۸۳۰۶
۳۰۷	۹۰۶	۸
۲۴۰	۷۸	۹۷

(۴)	(۵)	(۶)
۵۶۳۴	۸۷۰۵	۷۶۳۰۵
۷۳۲۵	۶۸۱۷	۳۷۵۶
۶۰۳	۵۹۶	۴۸
۴۶۲۰	۷۳۸۴	۷۶۴
۷۶	۷۶۹	۸۷۶۳۵
۸	۹۳	۵۷۶۲
		۶۷۰۵۳

(۷)	(۸)	(۹)
۸۴۷۶۳	۶۵۸۳	۱۸۷۹۵
۶۸۵۷۶	۷۰۵۷۸	۹۷۶
۴۷۳۹	۵۹۰	۲۰۸۷۸
۶۴۷	۶۴	۹۲۱
۵۷۹۶۰	۳۱۷۸	۷۴
۷۰۳۲۷	۸۷۹۱۱	۲۰۴۴
۶۸۴۳		

۸ — چار جہاز مزدوروں کے مدراس سے روانہ ماریشش کو ہوئے پہلے جہاز میں ۱۲۰ مزدور تھے دوسرے جہاز میں پہلے سے ۱۲ مزدور زیادہ تھے اور تیسرے جہاز میں دوسرے جہاز سے آٹھ مزدور زیادہ تھے اور چوتھے میں تیسرے جہاز سے ۵ مزدور زیادہ تھے تو بتلاؤ کہ چاروں جہازوں میں کتنے مزدور تھے ۔

۹ — ایک کھیت کا ایک ضلع ۳۴۵۷ فیٹ لمبا ہے اور دوسرا ضلع ۶۹۳۳۲ فیٹ لمبا ہے اور تیسرا ۶۰۵۰ فیٹ اور چوتھا ۴۹۹۵ فیٹ لمبا ہے

تو بتلاؤ کہ اگر ہم اوس کھیت کے چاروں طرف پھریں تو کتنا فاصلہ طے کرنا ہوگا —

ایک سوداگر نے اپنے ایک مہاجن کو ۶۳۵۰ روپیہ دیئے اور دوسرے کو ۷۵۰ روپیہ دیئے اور تیسرے کو ۱۶۴۳۰۵ روپیہ دیئے اور چوتھے کو ۶۷ روپیہ دیئے اور پانچویں کو ۲۴۰۳۰ روپیہ دیئے تو بتاؤ کہ سب کتنا روپیہ اوسنے دیا

نپولین صاحب سنہ ۱۶۴۳ع میں پیدا ہوئے اور پچاسی برس کی عمر میں انتقال کیا تو بتاؤ کہ وہ کس سنہ میں مرے —

واٹرلو کے مقام پر شاہ نپولین کی فوج میں ۴۸۹۵۰ پیادہ تھے ۱۵۷۶۵ سوار اور ۷۲۳۲ توپخانہ کے جوان تھے تو بتاؤ کہ سب کتنے سپاہی اوسکے پاس تھے —

کشمیر کا رقبہ ۲۵۱۲۳ مربع میل ہے اور اودھ کا ۲۳۷۳۰ میل مربع ہے اور نیپال کا رقبہ ۵۴۵۰۰ میل مربع ہے اور صوبہ مالوہ کا رقبہ ۱۱۷۵ میل مربع ہے تو بتاؤ کہ ان سب میں کتنے مربع میل ہیں —

میسور میں ۳۰۸۸۶ میل مربع ہیں اور جاگیرات اوڑیسہ میں ۱۳۰۴۱ میل مربع اور تراونکور میں ۴۷۲۲ مربع میل ہیں اور دیگر ہندوستانی ریاستوں میں جو ماتحت احاطہ مدراس کے ہیں ۳۱۵۳ مربع میل ہیں تو بتاؤ کہ ان سب میں کسقدر مربع میل ہیں —

تھوڑا عرصہ ہوا کہ ہندوستان کی فرانسیسی عملداری میں آبادی حسب تفصیل ذیل تھی یعنی پانڈو چیری میں ۸۲۸۸۰ اور چندرناگور میں ۳۱۷۲۶ اور کاریکل میں ۹۹۶۶۵ اور یانام میں ۵۰۵۷ اور ماہی میں ۳۵۴۱ تو بتاؤ کہ کل مردم شماری کسقدر تھی —

پانچ گلہ مویشی کے ہمنے دیکھے ان میں سے پہلے میں ۱۵ جانور تھے دوسرے میں پہلے سے دو چند تھے اور تیسرے میں دوسرے سے دو چند اور چوتھے میں تیسرے سے دو چند اور پانچویں میں چوتھے سے دو چند جانور تھے تو بتاؤ کہ کل

کتنی مویشی تھی —

۹ — ایک سوداگر کے پاس ۵۰۴۲۰ بورہ چاول کے پیلی بھیت سے آئے اور ۷۵۳۲۵ بورہ بنگال سے آئے اور ۳۹۴۲۶ بورہ رنگون سے اور ۱۰۵۰۵ سیام سے بورے آئے تو بتاؤ کہ سب کتنے بورے اوسکے پاس پہونچے —

ملک آسٹریا مین ۲۲۷۳۳۴ مربع میل ہین اور یورپی ٹرکی مین ۲۰۷۵۰۰ اور اسپین مین ۱۹۳۵۰۸ پرتگال مین ۳۴۵۰۳ ہالنڈ مین ۱۲۶۸۵ مربع میل ہین تو بتاؤ کہ کل رقبہ اون سب کا کیا ہوگا —

سنہ ۱۸۷۱ع کی مردم شماری سے ثابت ہوا کہ انگلنڈ اور ویلس کی آبادی ۲۲۷۰۴۱۰۸ تھی اور اسکاٹلنڈ کی آبادی ۳۳۵۸۶۱۳ اور آیرلنڈ کی ۵۴۰۲۷۵۹ اور دیگر جزائر کی آبادی جو بحر برطانی مین ہین ۱۴۴۴۳۰ — اور افواج بری اور بحری کی آبادی ۲۰۷۱۹۸ تو بتاؤ کہ کل مردم شماری اون سبکی کیا ہوئی —

عملداری نظام الملک کی آبادی ۱۰۶۶۶۰۸۰ — اور راجپوتانہ کی آبادی ۷۴۱۲۴۴۶ — اور گوالیار کی ۳۲۲۸۵۱۲ — اور بندیل کھنڈ کی ۱۰۷۹۸۰۰ — اور اندور کی ۸۱۵۱۹۴ تو بتاؤ کہ اون سبکی مردم شماری کیا ہے —

شہر لندن مین سینٹ پال کے گرجے کی تعمیر مین اسّی لاکھ روپیہ صرف ہوے اور مینشن ہوس کی عمارت مین چار لاکھ روپیہ صرف ہوے اور پارلیمنٹ کے تعمیر مین ایک لاکھ تیس ہزار صرف ہوے اور بلاکفرایر کے پل مین پندرہ لاکھ اٹھائیس ہزار چار سو روپیہ صرف ہوے اور ویسٹمنسٹر کے پل کی تعمیر مین اٹھتیس لاکھ نو ہزار روپیہ صرف ہوے تو بتاؤ کہ کل کتنا روپیہ صرف ہوا —

ایک مدرسہ مین پانچ دفعہ ہین — پانچوین دفعہ مین ۲۲ طلبہ ہین — چوتھی مین پانچوین سے ۹ زیادہ ہین اور تیسرے مین پانچوین سے ۷ زیادہ ہین اور دوسری مین تیسری سے ۳ زیادہ ہین اور پہلی مین اتنے طلبہ ہین جتنے کہ پانچوین اور دوسری مین ملکر ہین تو بتاؤ کہ اوس مدرسہ مین کل کتنے طالب العلم ہین —

ایک صاحب نے اپنی جائداد کو وصیت کی رو سے اس طرح پر تقسیم کیا کہ اپنی بی بی کو نو ہزار آٹھ سو روپیہ دیے اور اپنے دو چھوٹے بیٹوں میں سے ہر ایک کو اٹھاون ہزار نو سو چالیس روپیہ دیے اور باقی اپنی جائداد کے دو برابر حصے کیے اونمیں سے ایک اپنے تینوں بیٹیوں کو دیا اور دوسرا اپنے سب سے بڑے بیٹے کو دیا اور سب سے بڑے بیٹے کا حصہ ۱۵۲۰۰ روپیہ اپنی ماں کے حصے سے زیادہ ہے تو بتاؤ کہ کل روپیہ اوسکے پاس کتنا تھا —

کریمیا کی لڑائی میں فرانسیسیوں کی فوج سے ۰۴۴۲۰ اسپاہی لڑائی کے وقت میں کام آئے یا گم ہو گئے اور ۴۰۰۰ آدمی ایک جہاز کے ساتھ ڈوب گئے اور ۸۴۸۰ — آدمی مختلف بیماریوں سے الما کی لڑائی سے پہلے مر گئے اور سباسٹوپول کے سامنے ۲۳۱۴ جوان بیماری سے مرے اور اسپتالوں میں ۴۳۲۷۴ — آدمی ضائع ہوئے تو بتاؤ کہ سب کتنے آدمی ضائع ہوئے —

سنہ ۱۸۶۱ء میں اڈنبرا کی آبادی ۱۶۰۳۰۲ تھی اور گلاسگو کی آبادی اڈنبرا سے ۱۲۸۷۹۵ شخص زیادہ تھے اور ابرڈین کی آبادی ۷۳۷۹۱ اور انورنس کی آبادی ۲۴۵۲۷ — ابرڈین کی آبادی سے زیادہ تھی تو ان سب مقامات کی کل آبادی سنہ ۱۸۶۱ء میں کیا تھی —

تفریق

سوالات زبانی حل کرنے کے واسطے

۱ — ایک شخص کے پاس ۲۰ روپیہ ہیں اونمیں سے اوسنے کیا ۸ روپیہ کا کپڑا خرید کیا تو بتاؤ اب اوسکے پاس کیا باقی رہا —

۲ — ایک شخص ۱۵ روٹی لیکر سفر کو گیا پہلی منزل میں اوسنے آٹھ روٹی کھائیں تو بتاؤ دوسرے دن کے واسطے کتنی روٹیاں رہ گئیں —

۳ — ایک شخص کے پاس اونیس آم ہیں اور دوسرے کے پاس بارہ آم ہیں تو بتاؤ کہ پہلے کے پاس بہ نسبت دوسرے کے کتنے آم زیادہ ہیں —

تفریق

ایک قسم کے دو عددون مین چھوٹے کو بڑے عدد مین گھٹانیکو تفریق کہتے ہین۔ بعد گھٹانے کے جو عدد حاصل ہوتا ہے اوسکو باقی بولتے ہین اور بڑا عدد جسمین سے چھوٹا گھٹایا یا نکالا جاتا ہے مفروق منہ کہلاتا ہے اور چھوٹا عدد جو گھٹایا جاتا ہے مفروق —

جب علامت — نفی دو عددونکے درمیان مین رکھی جاتی ہے تو اوس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ پہلے عدد مین سے دوسرا عدد گھٹایا جاویگا مثلاً ۸ — ۶ سے یہ مراد ہے کہ ۸ مین ۶ گھٹائے یا نکالے جاوینگے —

قاعدہ

۱ — چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے تلے اس ترتیب سے لکھو کہ اکائی دہائی وغیرہ اپنے اپنے تلے ہون اور چھوٹے عدد کے تلے ایک عرضی خط کھینچو مثلاً ۴۲۶۱۲ مین سے ۸۶۴۵ کو گھٹانا ہے تو اونکو اس ترتیب سے لکھا —

جیسے

۴ ۲ ۶ ۱ ۲
۸ ۶ ۴ ۵

۲ — اکائی سے گھٹانا شروع کرو اگر بڑے عدد کی اکائی چھوٹے عدد کی اکائی سے بڑی ہو تو چھوٹی اکائی کو بڑی اکائی مین سے گھٹا کر باقی یعنے حاصل تفریق کو اکائی کے مرتبے پر لکھو لیکن جو بڑے عدد کی اکائی چھوٹے عدد کی اکائی سے چھوٹی ہو تو چھوٹی اکائی مین دس جوڑ کر حاصل جمع مین سے بڑی اکائی کو گھٹاؤ اور باقی اکائی کو اکائی کے مرتبے پر لکھو —

جیسے بڑے عدد کی اکائی ۲ مین سے چھوٹے عدد کی اکائی ۵ گھٹ نہین سکتی اسلیے ۲ مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوے اسمین سے ۵ کو گھٹایا تو ۷ باقی رہے اسکو اکائی کے مرتبے پر لکھا —

جیسے

۴ ۱ ۶ ۱ ۲
۸ ۶ ۴ ۵
―――――
۷

۴۳۔ اور بڑی اکائی مذکور کے بائین طرف جو ہندسہ ہو اوسمین ایک جوڑ دو پھر اس حاصل جمع کو بطریق مذکور اوپر کی دہائی مین سے گھٹاؤ اور باقی کو باقی اکائی مذکور کے بائین طرف لکھو۔

جسطرح ۴ مین ایک جوڑا تو ۵ ہوے لیکن یے اوپر کی دہائی کے ہندسہ ایک مین سے گھٹ نہین سکتے اسلیے ایک مین ۱۰ جوڑے تو ۱۱ ہوے اسمین سے ۵ کو گھٹایا تو ۶ باقی رہے اسکو اکائی کے عدد ۷ کے بائین طرف لکھا۔

جسطرح

$$
\begin{array}{r}
۴۲۷۱۲ \\
۸۶۴۵ \\
\hline
۶۷
\end{array}
$$

۴۴۔ اور اگر سیکڑا اور ہزار وغیرہ اور مرتبے ہون تو بطریق مذکور انکا حاصل تفریق نکالکر اپنے اپنے مرتبے پر لکھو اسیطرح سے جو عدد حاصل ہون وہی حاصل تفریق مطلوب ہوگا۔

جسطرح ۶ مین ایک جوڑا تو ۷ ہوے اوسکو اوپر کے ۷ مین سے گھٹایا تو باقی کچھہ نرہا اسلیے سیکڑے کے مرتبے پر صفر رکھا۔

جسطرح

$$
\begin{array}{r}
۴۲۷۱۲ \\
۸۶۴۵ \\
\hline
۰۶۷
\end{array}
$$

پھر دیکھا کہ ۲ مین سے ۸ تو گھٹ ہی نہین سکتے اسلیے ۲ مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوے اسمین سے ۸ کو گھٹایا تو ۴ باقی رہے اسکو صفر کے بائین طرف لکھا اور ۸ کے بائین طرف کوئی ہندسہ نہین ہے اسلیے ایک کو ۴ مین سے گھٹاکر باقی ۳ کو ۴ کے بائین طرف لکھا

جسطرح

$$
\begin{array}{r}
۴۲۷۱۲ \\
۸۶۴۵ \\
\hline
۳۴۰۶۷
\end{array}
$$

اسطرح سے ۳۴۰۶۷ حاصل تفریق ہوا۔

اسیطرح دوسرے اور تیسرے اور چوتھی مثال جو نیچے لکھی ہین انکی حاصل تفریق نکالو

مثال دوسری	مثال تیسری	مثال چوتھی
۷۸۴۹۳۱ مین سے	۵۰۰۹۸۰۶۵۰ مین سے	۷۶۳۴۲۵۵۰۰ مین سے
۶۰۹۸۴۲ کو گھٹاؤ	۴۹۹۸۷۰۰۰۰ کو گھٹاؤ	۷۶۵۹۸۳۶۷ کو گھٹاؤ
حاصل تفریق ۱۷۵۰۸۹	۱۱۱۰۶۵۰	۶۸۶۸۲۷۱۳۳

مثال دوسری
ترکیب گھٹانے کی

گیارہ مین سے گئے ۲ رہے نو اور ایک و چار پانچ و تیرہ مین سے گئے پانچ رہے آٹھ و ایک اور آٹھ نو و نو مین سے گئے نو رہا صفر چودہ مین سے گئے نو رہے پانچ و ایک و صفر ہوا ایک آٹھ مین سے گیا ایک رہے سات و سات مین سے گئے چھ رہا ایک —

مثال تیسری

صفر مین سے گیا صفر رہا صفر و پانچ مین سے گیا صفر رہے پانچ چھ مین سے گیا صفر رہے چھ و صفر مین سے گیا صفر رہا صفر آٹھ مین سے گئے سات رہا ایک نو مین سے گئے آٹھ رہا ایک و دس مین سے گئے نو رہا ایک و ایک اور نو دس و صفر مین سے گیا صفر رہا صفر و ایک اور چار پانچ و پانچ مین سے گئے پانچ رہا صفر —

مگر کسی عدد کے بائین طرف نقطہ صفر رکھنے سے اوسکی قیمت مین کچھ فرق نہین آتا اسلیے ایک کے بائین طرف صفر نہین رکھا —

سوالات

۷۲۸۴۱۰۸۳ مین سے	۶۸۴۲۷۰۸۲	۵۲۸۷۴۳۲۹
۱۷۳۰۰۷۲ کو گھٹاؤ	۷۴۳۴۰۷۲	۷۳۵۴۲۲
حاصل تفریق		

۷۴۸۳۶۲۷۸	۶۹۲۸۴۷۳۸	۹۳۷۴۲۸۴۵
۸۷۶۴۳۹۰	۵۴۲۷۳۸۲۸	۴۰۲۷۳۵۶۴

۶۳۷۴۲۸۳۵	۴۷۶۸۳۲۸۷	۹۳۷۸۴۳۶۶
۴۸۲۷۳۶۷۹	۲۸۴۷۶۹۵	۷۸۸۰۸۶

قاعدہ تفریق بموجب قاعدہ جمع کے

جو ایک چیز مین سے اوسکا کچھ حصہ کم کیا جاوے تو جو حصہ باقی رہے اوسمین اگر وہ حصہ جو نکالا گیا ہو جوڑ دیا جاوے تو جوڑ کل چیز کے برابر ہوگا۔

مثلاً اگر ۹ ہاتھہ رسی مین سے ۴ ہاتھہ رسی کاٹ لیجاوے تو پانچ ہاتھہ باقی رہیگی اور جب پانچ ہاتھہ رسی مین چار ہاتھہ رسی جوڑ دیجاوے تو سب رسی ملکر ۹ ہاتھہ ہوگی اسلیے جب ایک عدد مین سے دوسرے عدد کو گھٹانا ہو تو اوس سے یہ مراد سمجھو کہ ایک ایسا عدد نکالنا ہے کہ جو اوسمین دوسرا عدد مذکور جوڑ دیا جاوے تو جوڑ پہلے عدد مذکور کے برابر ہو۔

مثلاً ۱۵ مین سے نو کو گھٹایا تو کیا باقی رہا ۶ نو اور چھہ پندرہ ہوتے ہین اسلیے ۶ باقی رہے۔

۲۵ مین سے ۸ کو گھٹایا تو کیا باقی رہا ۱۷۔ اور ۸ پچیس ہوتے ہین اسلیے سترہ باقی رہے

قاعدہ

۱۔ بڑے عدد کو اوپر لکھو اور چھوٹے عدد کو اوسکے تلے اس ترتیب پر رکھو کہ دونون عددونکی اکائی دہائی وغیرہ ایک دوسرے کی تلے رہین۔

جسطرح
۷۴۳۵
۴۲۸۷

۲۔ پھر چھوٹے عدد کے تلے عرضی خط کھینچو جسطرح
۷۴۳۵
۴۲۸۷

۳۔ پھر دیکھو کہ نیچے کی اکائی مین کونسی اکائی ملانے سے جوڑ مین اوپر کی اکائی رہتی ہین ایسی اکائی کے عدد کو عرضی خط کے تلے لکھو اور جو جوڑ مین دہائی ہو تو اوسے نیچے کی اکائی کے بائین جو دہائی کا ہندسہ ہو اوسمین جوڑ دو۔

جیسے نیچے کی اکائی ۷ مین ۸ جوڑے تو پندرہ ہوے اسمین ۱۵۔ اکائی ہین اسلیے

۸ کو عرضی خط کے تلے لکھا اور ایک کو سات کے بائیں طرف کی دہائی ۸ میں جوڑا تو نو ہوئے

جیسطرح

۷ ۴ ۳ ۵
　۹
۴ ۲ ۸ ۷

(۴) اسیطرح بموجب طریق مذکور عمل کرو جب تک کہ چھوٹے عدد کے سب ہندسے گھٹ جاویں جیسطرح ۹ میں ۴ ملائے تو تیرہ ہوئے اسیلیے ۳ کو دہائی کے مرتبے پر لکھا اور ۹ کے بائیں طرف کے ہندسہ ۲ میں ایک جوڑا تو تین ہوئے —

جیسطرح

۷ ۴ ۳ ۵
　۳ ۹
۴ ۲ ۸ ۷
۳ ۱ ۴ ۸

تو ۳ ہوئے پھر ۳ میں ایک جوڑنے سے ۴ ہوتے ہیں اسیلیے ایک کو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا اور اسیطرح ۴ — اور ۳ ملکر ۷ ہوتے ہیں اسیلیے ۳ کو ہزار کے مرتبے پر لکھا

جیسطرح

۷ ۴ ۳ ۵
　۳ ۹
۴ ۲ ۸ ۷
۳ ۱ ۴ ۸

دوسرا قاعدہ تفریق

۱ — اگر چھوٹے عدد کی اکائی بڑے عدد کی اکائی سے چھوٹی ہو تو بڑی اکائی میں سے چھوٹی اکائی کو گھٹا کر باقی کو عرضی خط کے تلے اکائی کے مرتبے پر لکھو اور اگر چھوٹے عدد کی اکائی بڑے عدد کی اکائی سے بڑی ہو تو چھوٹی اکائی میں دس جوڑ دو اور چھوٹی اکائی کے بائیں طرف کی دہائی میں سے ایک گھٹا دو —

جیسطرح

۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶

چھوٹی اکائی ۲ میں دس جوڑے تو ہوئے ۱۲ — اور ۲ کے بائیں طرف کے ہندسہ ۳ میں سے ایک یعنی ایک دہائی گھٹا دی تو دو دہائی باقی رہیں —

۲ — پھر حاصل جمع مذکور میں سے بڑی اکائی کو گھٹا دو

جیسطرح ۱۲ میں سے ۶ کو گھٹایا تو ۶ باقی رہا

۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
　　　۶

۴ — اسیطرح بموجب طریق مذکور کے یہ عمل جب تک جاری رکھو کہ چھوٹے عدد کے سب جز بڑے عدد مین سے گھٹ جاوین جیسطرح ۲ بہ نسبت ۸ کے چھوٹا ہے اسلیے ۲ مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوے اسمین سے ۸ کو گھٹایا تو رہے ۴ — اسکو یعنی خط کھنچے دہائی کے مرتبے پر لکھا اور ۳ کے بائین طرف کے ہندسہ ۶ مین سے ایک یعنے ایک سیکڑا گھٹایا تو ۵ سیکڑے باقی رہے —

جیسطرح

۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۴ ۶

پھر دیکھو کہ ۵ بہ نسبت ۷ کے چھوٹا ہے اسلیے ۵ مین ۱۰ ملائے تو ہوے ۱۵ — اسمین سے ۷ کو گھٹایا تو ۸ باقی رہا اوسکو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا —

جیسطرح

۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۸ ۴ ۶

اور ۶ کے بائین طرف کے ہندسہ ۵ مین سے ایک یعنی ایک ہزار کم کیا تو ۴ ہزار باقی رہے اسمین سے نیچے کے ۴ کو گھٹایا تو کچھ باقی نہ رہا —

جیسطرح

۴ ۵ ۲
۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۸ ۴ ۶

اسلیے ۸۴۶ حاصل تفریق ہوا

سوالات تفریق

۱ — ایک شخص ۶۴۰ کوس چلنا تھا اوسمین سے وہ ۲۴۰ کوس چلکر ایک شہر مین اٹک رہا تو بتلاؤ کہ اوس شخص کو کتنا چلنا اور باقی رہیگا —

جواب ۴۰۰ کوس

۲ — مدرسہ مین ۶۳۶ طالب علم تھے اونمین سے ۳۶ نوکر ہوکر چلے گئے اور ۱۷۳ لڑکون کا نام خارج ہوگیا تو بتلاؤ کہ مدرسہ مین باقی کتنے لڑکے ہونگے —

جواب ۴۲۷ لڑکے

۳ - ایک بزاز نے ۷۳۲۸ گز کپڑا خریدا اوسمین سے ۳۹۷۶ گز کپڑا اوسنے بیچ ڈالا تو بتلاؤ کہ اوس بزاز کے پاس کتنے گز کپڑا باقی رہا ہوگا -

جواب ÷ ۳۳۵۲ گز کپڑا

۴ - ایک لڑکے نے ۳۷۵ آنے پائے اونمین سے ۷۳ آنے تو اوسنے اپنے بھائی اور بہن کو دیے اور ۱۹ آنے اپنے اوستاد کو دیے اور ۷۰ آنے اپنے یار دوستوں کو بانٹ دیے اور ۷۵ آنے بنڈ لیگئے اور ۲۸ آنے کی گلوریان اونسے کتر کھائے تو بتلاؤ کہ اوس لڑکے کے پاس کتنے آنے باقی رہے ہونگے -

جواب ÷ ۱۱۰ آنے

۵ - ایک بیوپاری نے ۵۹۷۲ من گیہون خریدے اونمین سے ۳۴۴ من گیہون تو اوسنے ایک شخص کے ہاتھ بیچ ڈالے اور ۱۸ من دوسرے شخص کے ہاتھ اور ۳۱۲ من تیسرے آدمی کے ہاتھ اور ۴۷۲ من چوتھے آدمی کے ہاتھ اور ۱۰۰۰ من گیہون پانچوین آدمی کے ہاتھ بیچ دیے اور ۵۰۱ من گیہون کھانے مین اوٹھ گئے تو بتلاؤ کہ اوس بیوپاری کے پاس کتنے من گیہون بچے ہونگے -

جواب ÷ ۳۴۱۳ من

سوالات تفریق

نمبر ۴

۱ - ۱ ۴۶ ۲۹	۱ ۵۳ ۳۸	۱۳ ۶۳ ۴۷
۱۴ ۵۳ ۳۵	۱۵ ۸۳ ۳۷	۹ ۹۱ ۶۹
۱۵ ۵۳۵ ۲۶۹	۱۳ ۴۸۳ ۲۹۷	۹ ۵۴۵ ۳۹۴

۲ —	۶۸۴ ۱/۵ ۲۹۶۶	۴۷۸ ۳/۸ ۲۸۹۶	۶۷۵۴ ۳/۷ ۳۸۹۷
	۵۰۳ ۴/۹ ۲۹۵۸	۹۷۳ ۵/۱۱ ۳۹۰۷	۳۸۹۰ ۴/۷ ۲۷۹۶۷
	۴۵۸۰ ۷/۲ ۲۸۹۶۷	۶۷۵۴ ۸/۲ ۲۰۹۶۷	۳۸۷۶ ۹/۵ ۱۹۸۷۶
۳ —	۸۵۶۰ ۱/۳ ۲۸۹۵۹	۶۰۸۰ ۲/۳ ۳۸۵۶۹	۶۰۵۷۰ ۳/۳ ۳۷۵۸۵۹
	۳۰۵۴۰ ۴/۲ ۲۸۹۶۳۸	۵۸۳۴۷ ۵/۳ ۳۹۶۵۹۸	۴۵۹۰۶ ۲/۵ ۲۸۹۶۷۸
	۷۵۳۶۹ ۶/۵ ۴۸۹۴۹۶	۳۸۶۲۹ ۸/۰ ۱۹۷۸۵۹	۸۹۵۴۳ ۹/۸ ۶۵۹۷۸۹
۴ —	۶۵۸۶۳۰ ۱/۵ ۵۳۰۷۸۵۹	۳۴۷۹۳۶ ۲/۸ ۲۹۵۸۶۹	۴۵۰۹۶۳ ۳/۸ ۳۲۰۹۷۰۸
	۷۸۵۴۳۸ ۶/۹ ۵۹۷۶۹۵۹	۶۰۰۵۳۰ ۵/۹ ۶۱۵۴۷	۴۷۸۰۱۰ ۶/۷ ۰۴۳۶۹
	۹۳۲۴۱۶ ۵/۷ ۲۵۶۷۸۵۸	۴۳۰۵۴۶ ۸/۰ ۱۸۹۴۷۳۹	۵۰۴۷۶۵ ۹/۸ ۳۹۰۸۷۴۰
۵ —	۶۱۰۴۰۸ ۱/۵ ۳۸۹۰۱۵۶	۲ ۷۰۹۰۹۰۱ ۴۸۰۷۰۹۵	۸۵۰۰۴ ۳/۷۰ ۵۰۹۰۰۵۴
	۴ ۴۴۵۰۸۱۳ ۲۶۷۳۸	۵ ۵۰۰۵۰۴۲ ۶۷۹۳	۶ ۳۸۰۵۰۴۳ ۰۶۹۴۰۹

۴۰۵۰۴۷ ۷/۰ ۶۰۰۰۴۰ ۸/۵ ۳۰۰۰۰۰۰ ۹/۲
۶۸۹۲ ۱۰۰۹۰۸ ۲۶۷۸۹۸۷۵

۶— ۴۸۲۷۱۹۲ ۱/۷ ۲۲۰۰۷۵۰۴ ۳/۷ ۴۰۵۰۳۰۰۹ ۳/۸
۲۹۹۷۸۱۷۶۵ ۱۵۸۷۷۱۹۹۸ ۹۹۹۹۹

۵۰۰۵۰۴۳۰ ۴/۸ ۹۷۶۸۸۲۳۰ ۵/۹ ۶۰۵۰۴۰۰۰ ۲/۶
۹۰۷۱ ۳۷۰۰۰۰۰۰۵ ۴۹۵۴۹۶۷

۷۲۰۵۰۶۸۰ ۷/۷ ۳۲۳۱۲۲۳۲ ۸/۱ ۵۴۶۷۴۵۴۳ ۹/۲
۹۸۹۲۹۸۷ ۲۹۸۷۶۸۸۶۹ ۴۹۷۸۸۷۶۵۹

۷ — ۸۶۷۳۲۸ ۱/۶ — ۵۴۹۰۶۵۱
۳۸۵۴ ۳/۶ + ۲۸۵۳۴۴۷ — ۳۰۵۴۳۸
۶۵۴ ۳/۴ + ۲۷۸۰۰۵۰ — ۱۸۰۹۰۵۰
۳ ۴/۷ + ۱۴۷۸ + ۱۹۲۰۳۱۰ — ۲۰۰۵۰۳
۱۰ ۵/۰۰ + ۹۷ + ۶۳۸۰۰۵۱ + ۱۰ — ۱۸۹۰۹۱۰
۴/۵ + ۹۲۸ + ۷۰۴۲ + ۳۹۷۹۰۷۸ — ۳۵۸۷۶۲۵
۱۰۰ ۷/۰۰ + ۸۸ + ۹۲۶۷۸۷۹ + ۱۱ — ۳۸۹۷۸۸۹
۹۶ ۸/۷ + ۵۳۹ + ۱۵ + ۲۳۲۲۳۳۳۱ — ۸۷۳۸۹۸۲
— ۷۴۸
۵۸۴ ۹/۷ + ۳۸۷۷۸۷۷۹ — ۱۳۸۹۷۵۵۹ — ۷۱۱
— ۸۱۹

۸ (۱) نواب معلے القاب ڈیوک ولنگٹن سنہ ۱۷۶۹ع میں پیدا ہوے اور سنہ ۱۸۵۲ع میں عالم بقا کو رحلت ہوئی تو بتاؤ کہ وفات کے وقت انکی کیا عمر تھی —
(۲) امریکہ سنہ ۱۴۹۲ع میں دریافت ہوا تو بتاؤ سنہ ۱۸۸۹ع ہوتے کے برس

پیشتر دریافت ہوا۔

۳۔ ملکہ معظمہ انگلستان قیصر ہند ۱۸۱۹ء مین پیدا ہوئین تو بتاؤ کہ ۱۸۷۷ء مین جب لقب قیصر ہند اختیار فرمایا ملکہ ممدوحہ کی کیا عمر تھی۔

۴۔ ایک ہزار درخت لیچی کے تین باغون سے لیے گئے پہلے باغ سے ۲۵۰ دوسرے سے ۱۶۹ تو بتاؤ کہ تیسرے باغ سے کسقدر درخت لیے گئے۔

۵۔ ایک تاجر کے پاس ۵۳۲۰ بورے چاول کے ہین اور دوسرے تاجر کے پاس ۲۶۵ بورے تو بتاؤ کہ پہلے کے پاس دوسرے سے کتنے بورے زیادہ ہین۔

۶۔ زید کے پاس ۷۲۹ روپیہ ہین تو بتاؤ کہ ایکہزار پورے کرنے کیواسطے اوسکو کتنے روپیہ اور درکار ہونگے۔

۷۔ دریاے برہم پتر ۱۷۰۰ میل لمبا ہے اور دریاے گنگ ۱۵۰۰ میل لمبا ہے تو بتاؤ کہ برہم پتر کسقدر بڑا ہے۔

۸۔ زید نے ۵۰۰ روپیہ عمرو سے پائے اور ۱۰۹ روپیہ بکر سے اور ۵۹۰ روپیہ خالد سے مگر اونمین ۳۸۰ روپیہ ولیم کو دیدیے تو بتاؤ اوسکے پاس کتنے باقی رہے۔

۹۔ ایک دکاندار نے ۳۰۸ ظروف گلی خرید کیے اونمین گیارہ ٹوٹ گئے اور ۵۳۔ اوسنے پہلے روز بیچ ڈالے اور ۷۴ دوسرے دن اور ۲۹ تیسرے دن تو کتنے باقی رہے۔

۹۔ (۱) ایک سوداگر کے پاس ۵۳۸ بورے چاول کے ڈھاکے سے آئے اور ۷۹۲۰ پیلی بھیت سے اور ۴۷۳ رنگون سے اونمین اوسنے ۴۵۰ بورے جزیرہ سیلون کو بھیجے اور ۳۲۷ مورشیش کو تو بتاؤ اب کتنے بورے اوسکے پاس باقی ہین۔

۲۔ ایک شخص مدراس سے راسکماری کو چلا جسکا فاصلہ مدراس سے ۲۵۷

میل ہے جب وہ ترچناپلی مین مہونچا جو مدراس سے ۲۲۵ میل ہے تو بتاؤ کسقدر سفر طے کرنا اسکو باقی رہا —

۳— ایک کسان کا مکان ۳۹۵ روپیہ کا ہے اور ایک کھیت اوسکے پاس ۴۲۰ روپیہ کی قیمت کا ہے اور ایک باغ انبہ ۱۸۹ روپیہ کی قیمت کا ہے یہ سب جائداد ۵۰۳ روپیہ کو رہن ہے تو قیمت کل جائداد کی زر رہن سے کسقدر زیادہ ہے —

۴— ہمالیہ کے پہاڑون مین کوہ اورسٹ کی بلندی ۲۹۰۰۰ فیٹ ہے اور انڈیز مین اکان کے گوا کی بلندی ۲۳۹۱۰ فیٹ ہے تو بتاؤ کوہ اورسٹ اکان کی گوا سے کسقدر بلند ہے —

۵— ٹراونکور کی آبادی ۱۰۱۱۸۲۴ ہے اور کوچین کی آبادی ۳۴۳۹۹۲۱ ہے تو بتاؤ کہ ان دونونکا کیا فرق ہے —

۶— ولیم فتحمند کے عہد مین انگلستان کی سالانہ آمدنی چھیالیس لاکھ ۶ ہزار سات سو نوّے روپیہ تھی اور ۱۸۵۵ء مین اونسٹھ کرور اونچاس لاکھ اکسٹھ ہزار پانچ سو بیس روپیہ تھی تو بتاؤ آمدنی کسقدر زیادہ ہوئی —

۷— کونسا عدد تین ہزار سے نکالا جاوے جو ایک سو ایک باقی رہجاوے

۸— ۷۶۵۲۷ پر کونسا عدد جمع کیا جاوے کہ جو حاصل جمع ۱۰۷۰۴۰۹ ہوجاوے —

۹— تین عددونکا حاصل جمع ۲۳۲۵۷ ہے پہلا عدد اون مین سے ۹۲۷۷ ہے اور دوسرا عدد ۱۲۸۳ بہ نسبت اول کے کم ہے تو بتاؤ تیسرا عدد کیا ہے —

ضرب مفرد

سوالات زبانی حل کرنیکے واسطے

۱— چار لڑکون کو پانچ پانچ انب دئے تو سب کو کے انب دیئے —

۲ — دو دو آنہ کو سات ٹوپیاں لین تو سب کتنے کی ہوئین۔
۳ — تین گھوڑون کے کتنے سم ہوتے ہین —

ضرب

جس مختصر قاعدے سے کسی ایک عدد کو کئی دفعہ جمع کرتے ہین اوسے قاعدہ ضرب کہتے ہین اور اس عمل کو ضرب کرنا بولتے ہین اور عدد مذکور کو مضروب کہتے ہین اور جتنی دفعہ اوسکو جوڑتے ہین اوس تعداد کو مضروب فیہ کہتے ہین اور ایسی حاصل جمع کو حاصل ضرب بولتے ہین اور مضروب اور مضروب فیہ کو اجزا ضربی بھی بولتے ہین مثلاً ۳ ۲ ۵ کو پانچ دفعہ جوڑدیا ۳ ۲ ۵ کو پانچ مین ضرب دو تو ان دونون سوالون سے ایک ہی مراد سمجھو — ۵ کو ۴ مین ضرب دینے سے ۲۰ ہوتے ہین کیونکہ آگے پہاڑون مین لکھا ہے کہ پانچ چوک بیس ہوتے ہین اور پانچ کو چار بار جوڑنے سے بھی ۲۰ ہوتے ہین کیونکہ ۵ اور ۵ دس ہوتے ہین اور دس اور پانچ پندرہ ہوتے ہین اور ۱۵ و ۵ بیس ہوتے ہین اور یہ یاد رکھو کہ متفرق اعداد کا حاصل جمع قاعدہ ضرب سے حاصل نہین ہوسکتا مثلاً ۱۵ و ۱۳ — ان دو متفرق تعداد کو جو کم قاعدہ ضرب سے جوڑا چاہو تو کہان ہوسکتا ہے کیونکہ ۱۵ و ۱۳ کا حاصل جمع ۲۸ ہے اور یہ ضرب کے قاعدہ سے ۱۵ کو کسی عدد مین ضرب دینے سے نہین حاصل ہوسکتا ہے لیکن ۱۵ و ۱۵ — ان دو یکسان عدد کا حاصل جمع قاعدہ ضرب سے نکل سکتا ہے پندرہ دونا تیس ہوتے ہین اور جوڑنے سے بھی پندرہ اور پندرہ تیس ہوتے ہین — جب علامت × ضرب کی درمیان دو عددونکے لکھی جاتی ہے تو اوس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اعداد مذکور باہم ضرب دیے جاوینگے مثلاً

۴ × ۵ = ۵ ۳ ۴

۲سے ۲۰ تک پہاڑوں مین مضروب فیہ کے نام وصورت									
ایک		دوا یا دو		تین یا تیے		چوک		پنجا پنجے	
چھکا یا چھکے		ستا یا ستے		اٹھا یا اٹھے		نوان یا نو		دہام	
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰
۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۷۲	۸۰
۷	۱۴	۲۱	۲۸	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶	۶۳	۷۰
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰
چار اکم چار	چار دونی آٹھ	چار تیا بارہ	چار چوکے سولہ	چار پنجے بیس	چار چھکے چوبیس	چار ستے اٹھائیس	چار اٹھے بتیس	چار نامے چھتیس	چار دہام چالیس
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰
تین اکم تین	تین دونی چھ	تین تیا نو	تین چوکے بارہ	تین پنجے پندرہ	تین چھکے اٹھارہ	تین ستے اکیس	تین اٹھے چوبیس	تین نامے ستائیس	تین دہام تیس
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰
دو اکم دو	دو دونی چار	دو تیا چھ	دو چوکے آٹھ	دو پنجے دس	دو چھکے بارہ	دو ستے چودہ	دو اٹھے سولہ	دو نامے اٹھارہ	دو دہام بیس
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

١	١١	گیارہ ایک گیارہ	١٢	بارہ ایک بارہ	١٣	تیرہ ایک تیرہ	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠
٢	٢٢	گیارہ دونا بائیس	٢٤	بارہ دونا چوبیس	٢٦	تیرہ دونا چھبیس	٢٨	٣٠	٣٢	٣٤	٣٦	٣٨	٤٠
٣	٣٣	گیارہ تیے تینتیس	٣٦	بارہ تیے چھتیس	٣٩	تیرہ تیے انتالیس	٤٢	٤٥	٤٨	٥١	٥٤	٥٧	٦٠
٤	٤٤	گیارہ چوک چوالیس	٤٨	بارہ چوک اڑتالیس	٥٢	تیرہ چوک باون	٥٦	٦٠	٦٤	٦٨	٧٢	٧٢	٨٠
٥	٥٥	گیارہ پنجے پچپن	٦٠	بارہ پنجے ساٹھ	٦٥	تیرہ پنجے پینسٹھ	٧٠	٧٥	٨٠	٨٥	٩٠	٩٥	١٠٠
٦	٦٦	گیارہ چھکا چھیاسٹھ	٧٢	بارہ چھکے بہتر	٧٨	تیرہ چھکا اٹھتر	٨٤	٩٠	٩٦	١٠٢	١٠٨	١١٤	١٢٠
٧	٧٧	گیارہ ستے ستتر	٨٤	بارہ ستے چوراسی	٩١	تیرہ ستے اکیانوے	٩٨	١٠٥	١١٢	١١٩	١٢٦	١٣٣	١٤٠
٨	٨٨	گیارہ اٹھے اٹھاسی	٩٦	بارہ اٹھے چھیانوے	١٠٤	تیرہ اٹھے ایک سو چار	١١٢	١٢٠	١٢٨	١٣٦	١٤٤	١٥٢	١٦٠
٩	٩٩	گیارہ نوان ننانوے	١٠٨	بارہ نوان ایکسو آٹھ	١١٧	تیرہ نوان ایک سو سترہ	١٢٦	١٣٥	١٤٤	١٥٣	١٦٢	١٧١	١٨٠
١٠	١١٠	گیارہ ڈھام ایکسو دس	١٢٠	بارہ دہام ایکسو بیس	١٣٠	تیرہ دہام ایک سو تیس	١٤٠	١٥٠	١٦٠	١٧٠	١٨٠	١٩٠	٢٠٠

اگر کسی عدد کا پون نکالنا ہو تو کل عدد میں سے اوسکا ربع یعنی چوتھا حصہ منہا کرو مثلاً ۴۲ پونا کیا ہو تو ۴۲ کا آدھا ۲۱ ہے اور اکیس کا آدھا ساڑھے دس یہ بیالیس کا چوتھا حصہ ہوا اوسکو ۴۲ میں سے گھٹایا تو ساڑھے اکتیس باقی رہے یہی بیالیس پونا ہوا — یہ چوتھائی کی علامت ہے ـ یہ پون کی علامت ہے اسلیے ۳۱٫۰ جواب ہوا —

ـ	۱	ـ	ایک پونا پون	۱۱	۸ـ	گیارہ پونا سوا آٹھ	۲۱	۱۵ـ	۳۱	۲۳ـ
ـ	۲	۰۱	دو پونا ڈیڑھ	۱۲	۹	بارہ پونا نو	۲۲	۰۱۶	۳۲	۲۴
ـ	۳	۲ـ	تین پونا سوا دو	۱۳	۹ـ	تیرہ پونا پونے دس	۲۳	۱۷ـ	۳۳	۰۲۴
ـ	۴	۳	چار پونا تین	۱۴	۰۱۰	چودہ پونا ساڑھے دس	۲۴	۱۸	۳۴	۰۲۵
ـ	۵	۳ـ	پانچ پونا پونے چار	۱۵	۱۱ـ	پندرہ پونا سوا گیارہ	۲۵	۰۱۸	۳۵	۲۶ـ
ـ	۶	۰۴	چھ پونا ساڑھے چار	۱۶	۱۲	سولہ پونا بارہ	۲۶	۰۱۹	۳۶	۲۷
ـ	۷	۵ـ	سات پونا سوا پانچ	۱۷	۰۱۲	سترہ پونا پونے تیرہ	۲۷	۲۰ـ	۳۷	۰۲۷
ـ	۸	۶	آٹھ پونا چھ	۱۸	۰۱۳	اٹھارہ پونے ساڑھے تیرہ	۲۸	۲۱	۳۸	۰۲۸
ـ	۹	۰۶	نو پونا پونے سات	۱۹	۱۴ـ	انیس پونا سوا چودہ	۲۹	۰۲۱	۳۹	۲۹ـ
ـ	۱۰	۰۷	دس پونا ساڑھے سات	۲۰	۱۵	بیس پونا پندرہ	۳۰	۰۲۲	۴۰	۳۰

اگر کسی عدد کا سوایا یا کل عدد مع چوتھے حصہ کے دریافت کرنا ہو تو کل عدد میں اسکا چوتھا حصہ شامل کرو مثلاً ۳۹ سوایا کیا ہو تو ۳۹ کا آدھا ساڑھے اونیس اور ساڑھے اونیس کا آدھا پونے دس یہ ۳۹ کا چوتھائی حصہ ہوا اسے ۳۹ مین جوڑا تو پونے اونچاس ہوے اسلیے ٠۴۸ جواب ہوا —

ـــ	۱	ـــ	ایک سوایا سوا	۱۱	٠۱۳	گیارہ سوایا پونے چودہ	۲۱	۲۶	۳۱	٠۳۸
ـــ	۲	٠۲	دو سوایا ڈھائی	۱۲	۱۵	بارہ سوایا پندرہ	۲۲	٠۲۷	۳۲	۴٠
ـــ	۳	٠۳	تین سوایا پونے چار	۱۳	۱۶	تیرہ سوایا سوا سولہ	۲۳	٠۲۸	۳۳	۴۱
ـــ	۴	۵	چار سوایا پانچ	۱۴	٠۱۷	چودہ سوایا ساڑھے سترہ	۲۴	۳٠	۳۴	٠۴۲
ـــ	۵	۶	پانچ سوایا سوا چھہ	۱۵	٠۱۸	پندرہ سوایا پونے اونیس	۲۵	۳۱	۳۵	٠۴۳
ـــ	۶	٠۷	چھہ سوایا ساڑھے سات	۱۶	۲٠	سولہ سوایا بیس	۲۶	٠۳۲	۳۶	۴۵
ـــ	۷	٠۸	سات سوایا پونے نو	۱۷	۲۱	سترہ سوایا سوا اکیس	۲۷	٠۳۳	۳۷	۴۶
ـــ	۸	۱٠	آٹھہ سوایا دس	۱۸	٠۲۲	اٹھارہ سوایا ساڑھے بائیس	۲۸	۳۵	۳۸	٠۴۷
ـــ	۹	۱۱	نو سوایا سوا گیارہ	۱۹	٠۲۳	اونیس سوایا پونے چوبیس	۲۹	۳۶	۳۹	٠۴۸
ـــ	۱٠	٠۱۲	دس سوایا ساڑھے بارہ	۲٠	۲۵	بیس سوایا پچیس	۳٠	٠۳۷	۴٠	۵٠

اگرکسی عددکا ڈیوڑھا یعنی کل عدد مع نصف حصہ کے دریافت کرنا ہو تو کل عدد میں نصف حصہ شامل کرو مثلاً ۴۵ ڈیوڑھا کیا ہوا ۴۵ کا آدھا ۰۲۲ اوسکو ۴۵ مین جوڑا تو ہوئے ساڑھے سڑسٹھ یعنے ۰۶۷ یہی جواب ہوا—

۰۱	۱	۰۱	ایک ڈیوڑھا ڈیوڑھا	۱۱	۰۱۶	گیارہ ڈیوڑھا ساڑھے سولہ	۲۱	۰۳۱	۳۱	۰۴۶
۰۱	۲	۳	دو ڈیوڑھا تین	۱۲	۱۸	بارہ ڈیوڑھا اٹھارہ	۲۲	۳۳	۳۲	۴۸
۰۱	۳	۰۴	تین ڈیوڑھا ساڑھے چار	۱۳	۰۱۹	تیرہ ڈیوڑھا ساڑھے انیس	۲۳	۰۳۴	۳۳	۰۴۹
۰۱	۴	۶	چار ڈیوڑھا چھ	۱۴	۲۱	چودہ ڈیوڑھا اکیس	۲۴	۳۶	۳۴	۵۱
۰۱	۵	۰۷	پانچ ڈیوڑھا ساڑھے سات	۱۵	۰۲۲	پندرہ ڈیوڑھا ساڑھے بائیس	۲۵	۰۳۷	۳۵	۰۵۲
۰۱	۶	۹	چھ ڈیوڑھا نو	۱۶	۲۴	سولہ ڈیوڑھا چوبیس	۲۶	۳۹	۳۶	۵۴
۰۱	۷	۰۱۰	سات ڈیوڑھا ساڑھے دس	۱۷	۰۲۵	سترہ ڈیوڑھا ساڑھے پچیس	۲۷	۰۴۰	۳۷	۰۵۵
۰۱	۸	۱۲	آٹھ ڈیوڑھے بارہ	۱۸	۲۷	اٹھارہ ڈیوڑھا ستائیس	۲۸	۴۲	۳۸	۵۷
۰۱	۹	۰۱۳	نو ڈیوڑھا ساڑھے تیرہ	۱۹	۰۲۸	انیس ڈیوڑھا ساڑھے اٹھائیس	۲۹	۰۴۳	۳۹	۰۵۸
۰۱	۱۰	۱۵	دس ڈیوڑھا پندرہ	۲۰	۳۰	بیس ڈیوڑھا تیس	۳۰	۴۵	۴۰	۶۰

اگرکسی عددکا ڈھام یعنے دوچند کل عدد مع نصف جز کل عدد کے دریافت کرنا ہو تو دوچند کل عدد مین کل عدد کا نصف جوڑو مثلاً ۲۳ ڈھام کیا ہوا ۲۳ کا آدھا ۱۱۔۰ اوسکو ۲۳ کے دونے ۴۶ مین جوڑا تو ہوئے ۵۷۔۰ یہی جواب ہوا۔

۰۲	۱	۰۲	ایک ڈھا توان ڈھا نوان	۱۱	۰۲۷	گیارہ ڈھام ساڑھے ستائیس	۲۱	۰۵۲	۳۱	۷۷
۰۲	۲	۵	دو ڈھام پانچ	۱۲	۳۰	بارہ ڈھام تیس	۲۲	۵۵	۳۲	۸۰
۰۲	۳	۰۷	تین ڈھام ساڑھے سات	۱۳	۰۳۲	تیرہ ڈھام ساڑھے بتیس	۲۳	۰۵۷	۳۳	۸۲
۰۲	۴	۱۰	چار ڈھام دس	۱۴	۳۵	چودہ ڈھام پینتیس	۲۴	۶۰	۳۴	۵
۰۲	۵	۰۱۲	پانچ ڈھام ساڑھے بارہ	۱۵	۰۳۷	پندرہ ڈھام ساڑھے سینتیس	۲۵	۰۶۲	۳۵	۸۷
۰۲	۶	۱۵	چھ ڈھام پندرہ	۱۶	۴۰	سولہ ڈھام چالیس	۲۶	۶۵	۳۶	۹۰
۰۲	۷	۰۱۷	سات ڈھام ساڑھے سترہ	۱۷	۰۴۲	سترہ ڈھام ساڑھے بیالیس	۲۷	۰۶۷	۳۷	۹۲
۰۲	۸	۲۰	آٹھ ڈھام بیس	۱۸	۴۵	اٹھارہ ڈھام پینتالیس	۲۸	۷۰	۳۸	۹۵
۰۲	۹	۰۲۲	نو ڈھام ساڑھے بائیس	۱۹	۰۴۷	اونیس ڈھام ساڑھے سینتالیس	۲۹	۰۷۲	۳۹	۹۷
۰۲	۱۰	۲۵	دس ڈھام پچیس	۲۰	۵۰	بیس ڈھام پچاس	۳۰	۷۵	۴۰	۱۰۰

اگر کسی عدد کا ہونٹھا یعنے سہ چند کل عدد مع نصف جز کل عدد کے دریافت کرنا ہو تو تین گنے کل عدد مین کل عدد کا نصف جوڑ دو مثلاً ۴۳ - ہونٹھا کیا ہوا ۴۳ کا تین گنا ہے ۱۲۹ - اور ۴۳ کا آدھا ہے ۰۲۱ - اسکو ۱۲۹ مین جوڑا تو ہوے ۰۱۵۰ یہی جواب ہوا۔

۰۳	۱	۰۳	ایک ہونٹھا ہونٹھا	۱۱	۰۳۸	گیارہ ہونٹھا ساڑھے اڑتیس	۲۱	۰۷۳	۳۱	۰۱۰۸
۰۳	۲	۷	دو ہونٹھا سات	۱۲	۴۲	بارہ ہونٹھا بیالیس	۲۲	۷۷	۳۲	۱۱۲
۰۳	۳	۰۱۰	تین ہونٹھا ساڑھے دس	۱۳	۰۴۵	تیرہ ہونٹھا ساڑھے پینتالیس	۲۳	۰۸۰	۳۳	۰۱۱۵
۰۳	۴	۱۴	چار ہونٹھا چودہ	۱۴	۴۹	چودہ ہونٹھا اونچاس	۲۴	۸۴	۳۴	۱۱۹
۰۳	۵	۰۱۷	پانچ ہونٹھا ساڑھے سترہ	۱۵	۰۵۲	پندرہ ہونٹھا ساڑھے باون	۲۵	۰۸۷	۳۵	۰۱۲۲
۰۳	۶	۲۱	چھہ ہونٹھا اکیس	۱۶	۵۶	سولہ ہونٹھا چھپن	۲۶	۹۱	۳۶	۱۲۶
۰۳	۷	۰۲۴	سات ہونٹھا ساڑھے چوبیس	۱۷	۰۵۹	سترہ ہونٹھا ساڑھے اونسٹھ	۲۷	۰۹۴	۳۷	۰۱۲۹
۰۳	۸	۲۸	آٹھ ہونٹھا اٹھائیس	۱۸	۶۳	اٹھارہ ہونٹھا ترسٹھ	۲۸	۹۸	۳۸	۱۳۳
۰۳	۹	۰۳۱	نو ہونٹھا ساڑھے اکتیس	۱۹	۰۶۶	اونیس ہونٹھا ساڑھے چھیاسٹھ	۲۹	۰۱۰۱	۳۹	۰۱۳۶
۰۳	۱۰	۳۵	دس ہونٹھا پینتیس	۲۰	۷۰	بیس ہونٹھا ستر	۳۰	۱۰۵	۴۰	۱۴۰

اگر کسی عدد کا ڈھونچا یعنی چار چند کل عدد مع نصف جز کل عدد کے دریافت کرنا ہو تو چار گنے کل عدد مین کل عدد کا نصف حصہ شامل کرو مثلاً ۳۲ ڈھونچا کیا ہوا تو ۳۲ کا چار گنا ہے ۱۲۸ اور ۳۲ کا آدھا ہے سولہ اسکو ۱۲۸ مین جوڑا تو ہوے ۱۴۴ یہی جواب ہوا۔

۰۴	۱	۰۴	ایک ڈھونچا ڈھونچا	۱۱	۰۴۹	گیارہ ڈھونچا ساڑھے انچاس	۲۱	۰۹۴	۳۱	۰۱۳۹
۰۴	۲	۹	دو ڈھونچا نو	۱۲	۵۴	بارہ ڈھونچا چون	۲۲	۹۹	۳۲	۱۴۴
۰۴	۳	۰۱۳	تین ڈھونچا ساڑھے تیرہ	۱۳	۰۵۸	تیرہ ڈھونچا ساڑھے اٹھاون	۲۳	۰۱۰۳	۳۳	۰۱۴۸
۰۴	۴	۱۸	چار ڈھونچا اٹھارہ	۱۴	۶۳	چودہ ڈھونچا ترسٹھ	۲۴	۱۰۸	۳۴	۱۵۳
۰۴	۵	۰۲۲	پانچ ڈھونچا ساڑھے بائیس	۱۵	۰۶۷	پندرہ ڈھونچا ساڑھے سرسٹھ	۲۵	۰۱۱۲	۳۵	۰۱۵۷
۰۴	۶	۲۷	چھ ڈھونچا ستائیس	۱۶	۷۲	سولہ ڈھونچا بہتر	۲۶	۱۱۷	۳۶	۱۶۲
۰۴	۷	۰۳۱	سات ڈھونچا ساڑھے اکتیس	۱۷	۰۷۶	سترہ ڈھونچا ساڑھے چھہتر	۲۷	۰۱۲۱	۳۷	۰۱۶۶
۰۴	۸	۳۶	آٹھ ڈھونچا چھتیس	۱۸	۸۱	اٹھارہ ڈھونچا اکیاسی	۲۸	۱۲۶	۳۸	۱۷۱
۰۴	۹	۰۴۰	نو ڈھونچا ساڑھے چالیس	۱۹	۰۸۵	انیس ڈھونچا ساڑھے پچاسی	۲۹	۰۱۳۰	۳۹	۰۱۷۵
۰۴	۱۰	۴۵	دس ڈھونچا پینتالیس	۲۰	۹۰	بیس ڈھونچا نوے	۳۰	۱۳۵	۴۰	۱۸۰

بکٹ پہاڑہ

۰۱	۰۱	۲	ڈیوڑھا	ڈیوڑھا	سوا دو
۰۱	۰۲	۳	ڈیوڑھا	ڈھام	پونے چار
۰۱	۰۳	۵	ڈیوڑھا	ہونٹھا	سوا پانچ
۰۱	۰۴	۶	ڈیوڑھا	ڈھونچا	پونے سات
۰۲	۰۲	۶	ڈھاوان	ڈھاوان	سوا چھ
۰۲	۰۳	۸	ڈھاوان	ہونٹھا	پونے نو
۰۲	۰۴	۱۱	ڈھاوان	ڈھونچا	سوا گیارہ
۰۳	۰۳	۱۲	ہونٹھا	ہونٹھا	سوا بارہ
۰۳	۰۴	۱۵	ہونٹھا	ڈھونچا	پونے سولہ
۰۴	۰۴	۲۰	ڈھونچا	ڈھونچا	سوا بیس

سوالات

(۱) ایک پیسہ کے ۸ آم آتے ہیں تو نو پیسہ کے کتنے آوینگے اٹھا نوے اسلیے ۷۲ آم آوینگے۔

(۲) ایک پیسہ کی ۱۸ گنڈے کوڑیاں بکتی ہیں تو ۹ پیسہ کی کتنے گنڈے کوڑیاں آوینگی اٹھارہ نوان ۱۶۲ - اسلیے ۱۶۲ گنڈے کوڑیاں آوینگی۔

(۳) ایک روپیہ کے ۱۵ سیر چانول آتے ہیں تو ۷ روپیہ کے کتنے سیر چانول آوینگے ۱۵ ستے ۱۰۵ - اسلیے ۱۰۵ سیر چانول آوینگے۔

(۴) ایک آنہ کا پون گز کپڑا آتا ہے تو ۱۷ آنہ کا کتنے گز کپڑا آویگا سترہ پونا ۱۲ اسلیے پونے تیرہ گز کپڑا آویگا۔

(۵) پون پیسہ کی ایک ڈبیا آتی ہے تو ۳۸ ڈبیا کے کتنے پیسے ہوے ۳۸ پونا ۲۸ - اسلیے ۲۸ پیسے دام ہوے۔

(۶) سوا گز کپڑا ایک مرزائی کے بنوانے میں لگتا ہے تو ۲۵ مرزائیوں کے بنوانے میں کتنے گز کپڑا لگیگا ۲۵ سوایا ۳۱ اسلیے ۳۱ گز کپڑا لگیگا۔

(۷) سوا روپیہ کوڑی اچھے بانس بکتے ہیں تو ۳۵ کوڑی بانسوں کے
کیا دام ہوئے ۳۵ سوایا ۴۳¾ روپیہ یعنی ۴۳ روپیہ اور بارہ آنہ دام ہوئے
(۸) ڈیڑھ پیسے کی ایک ٹوپی بکتی ہے تو بیسی ۲۴ ٹوپیوں کے کیا دام ہوئے
۲۴ ڈیوڑھا ۳۶ — اسلیے ۳۶ پیسے دام ہوئے —
(۹) ایک بنیے نے ایک پیسے سیر جوار مول لی اور تھوڑے دن بعد ڈیڑھ پیسے
کے حساب سے بیچی تو اوسے ۲۹ پیسے کی جوار بیچی ہیں کیا نفع ملا ہوگا ۲۹ ڈیوڑھا
(۴۳½) — اسمیں سے ۲۹ پیسے نکال ڈالے تو ۱۴½ پیسے نفع کے ہوئے —
(۱۰) ایک روپیہ کا ڈھائی من بھس بکتا ہے تو ۲۳ روپیہ کا کتنے من بھس آویگا
۲۳ اڑھام ۵۷.۵ — اسلیے ۵۷.۵ من بھس آویگا —
(۱۱) ڈھائی پیسے کی ایک ٹوپی گبڑی کی آتی ہے تو ۳۷ ٹوپی کے کیا دام ہوئے
۳۷ ڈھام ۹۲.۵ — اسلیے ۹۲.۵ پیسے یعنی ۴۶ ٹکے اور ایک دھیلا دام ہوئے —
(۱۲) ساڑھے تین پیسے سیر گیہوں کا آٹا بکتا ہے تو ۲۷ سیر آٹے کے کیا دام
ہوئے ۲۷ — ہونٹھا ۹۴.۵ — اسلیے ۹۴.۵ پیسے یعنی ۴۷ ٹکے ایک دھیلا دام ہوئے
(۱۳) ساڑھے تین پیسے پنسیری خربزے بکتے ہیں تو پندرہ پنسیری کے کیا دام ہوئے
۱۵ — ہونٹھا ۵۲.۵ — اسلیے ۵۲.۵ پیسے یعنی ۲۶ ٹکے ایک دھیلا دام ہوئے —
(۱۴) ایک روپیہ کی ساڑھے چار من لکڑیاں بکتی ہیں تو ۲۲ روپیہ کی کتنے من
لکڑیاں آوینگی ۲۲ ڈھونچا ۹۹ — اسلیے ۹۹ من لکڑیاں آوینگی —
(۱۵) ایک روپیہ کی ساڑھے چار سیر مٹھائی بکتی ہے تو تیرہ روپیہ کی کتنے سیر
مٹھائی آویگی ۱۳ ڈھونچا ۵۸.۵ — اسلیے ۵۸.۵ سیر مٹھائی یعنی ایک من ۱۸½ سیر آویگی
(۱۶) بنگالہ میں ڈیڑھ روپیہ کے من بھر چاول آتے ہیں تو ڈیڑھ من چاول کے
کیا دام ہوئے ڈیوڑھا ڈیوڑھا سوا دو اسلیے ۲ روپیہ ۴ ر ہوئے —
(۱۷) ایک آنہ کی ڈیڑھ سیر دال بکتی ہے تو ڈھائی آنہ کی کتنی دال آویگی ڈیوڑھا
ڈھائی ہونے چار اسلیے ۳¾ سیر دال آویگی —

(۱۸) ساڑھے تین پیسے سیر آلو بکتے ہین تو ساڑھے چار سیر آلو کے کیا دام ہوسے
ہونگھا ڈھونچا ۱۵|۱۰- اسلیے ۱۵|۱۰ پیسے دام ہوسے -

قاعدہ اول ضرب مفرد

(۱) اول مضروب کو لکھو پھر اوسکے تلے مضروب فیہ کو اس ترتیب پر لکھو کہ اوسکی اکائی دہائی وغیرہ مضروب کی اکائی دہائی وغیرہ کے تلے رہین -

جسطرح ۵۲۳ مضروب
۲۵ مضروب فیہ

اور مضروب فیہ کے تلے ایک عرضی خط کھینچدو - جسطرح ۵۲۳ مضروب
۲۵ مضروب فیہ

(۲) مضروب فیہ کی اکائی مین مضروب کے ہر ایک ہندسے کو ضرب کرو مضروب کی اکائی سے ضرب کرنا شروع کرو جسطرح ۳ کو ۵ مین ضرب کیا تو ۱۵ ہوسے اور ۱۵ اکائی یا ایک دہائی اور پانچ اکائی ہین اسلیے اکائی ۵ کو اکائی کے مرتبے پر لکھا اور ایک دہائی کو ہاتھہ لگامان ۲ دہائی کو پانچ مین ضرب دیا تو ۱۰ دہائی ہوئین اونمین ہاتھہ لگی ایک دہائی کو جوڑدیا تو گیارہ دہائی ہوئین ۱۱ دہائی مین ایک سیکڑا اور ایک دہائی ہے اسلیے ایک دہائی کو دہائی کے مرتبے پر لکھا اور ایک سیکڑے کو ہاتھہ لگامان ۵ سیکڑے کو ۵ مین ضرب دیا تو ۲۵ سیکڑے ہوسے انمین ہاتھہ لگے ایک سیکڑے کو جوڑدیا تو ۲۶ سیکڑے ہوسے اور ۲۶ سیکڑے مین ۶ سیکڑے اور ۲ ہزار ہین اسلیے ۶ کو سیکڑے کے مرتبہ پر اور ۲ کو ہزار کے مرتبہ پر لکھا اسطرح سے مضروب ۵۲۳ کو ۵ مین ضرب دیا تو ۲۶۱۵ حاصل ضرب ہوا اسکو عرضی خط کے تلے لکھا -

جسطرح ۵۲۳ مضروب
۲۵ مضروب فیہ

۲۶۱۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو ۵ مین ضرب

کرنے سے ملا ابھی مضروب کو دہائی ۲ مین ضرب کرنا باقی ہے —

(۳) بموجب طریق مذکور کے مضروب فیہ کی دہائی مین مضروب کے تمام ہندسونکو ضرب کرو اور حاصل ضرب کو دہائی کے مرتبے سے لکہنا شروع کرو —

جیسطرح ۵۲۳

۲۵

۲۶۱۵

۱۰۴۶

مضروب کی اکائی ۳ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب کیا تو ۶ دہائی ہوئین اونکو دہائی کے مرتبے پہ لکھا پھر مضروب کی دہائی ۲ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب دیا تو چار سیکڑے حاصل ہوے کیونکہ دس دہائم سینکڑہ ہوتے ہین یعنی ایک دہائی کو ایک دہائی مین ضرب کرنے سے ایک سیکڑا حاصل ہوتا ہے اوسیطرح دو دہائی کو دو دہائی مین ضرب دینے سے ۴ سیکڑے حاصل ہوتے ہین اسلیے ۴ کو سیکڑے کے مرتبے پہ لکھا پھر مضروب کے سیکڑے ۵ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب دیا تو دس ہزار حاصل ہوے اوسکو دس ہزار کے مرتبے پہ لکھا اسیطرح سے مضروب ۵۲۳ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب کرکے حاصل ضرب کو پہلے حاصل ضرب کی دہائی کے تلے سے لکھنا شروع کیا —

جیسطرح ۵۲۳ مضروب

۲۵ مضروب فیہ

۲۶۱۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو اکائی ۵ مین ضرب کرنے سے ملا

۱۰۴۶ یہ حاصل مضروب دہائی ۲ مین ضرب کرنے سے نکلا

(۴) — اور علے ہذا القیاس اگر مضروب فیہ مین سیکڑے وغیرہ ہون تو اونکو مضروب مین ضرب دیکر حاصل ضربون کو اس ترتیب پہ لکھو کہ اوپر کے حاصل ضرب کا سب سے داہنا ہندسہ نیچے کے حاصل ضرب کے سب سے داہنے ہندسے تک ایک مرتبہ داہنی طرف بڑھا رہے پھر تمام حاصلضربون کو جوڑنے سے جو حاصل جمع ہووے حاصل ضرب مطلوب ہوگا — مضروب فیہ مین کوئی سیکڑے کا عدد نہین ہے اسلیے دونون حاصلضربونکو جوڑا —

جسطرح ۵۲۳ مضروب

۲۵ مضروب فیہ

۲۶۱۵
۱۰۴۶
۱۳۰۷۵

۱۳۰۷۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو ۲۵ مین ضرب کرنے سے ملا

اس عمل کو ضرب مفرد طولانی کہتے ہین —

مثال ۲

۷۸۰۰۹۴۵ کو ۶۳۷ مین ضرب دو

مضروب ۷۸۰۰۹۴۵

مضروب فیہ ۶۳۷

۵۴۶۰۶۶۱۵
۲۳۴۰۲۸۳۵
۴۶۸۰۵۶۷۰
۴۹۶۹۲۰۱۹۶۵

مثال مرقومۂ بالا مین دیکھو کہ جب ۵۲۳ کو ۵ سے ضرب کیا ہے تو حاصل ضرب ۲۶۱۵ حاصل ہوا ہے اب اگر ۵۲۳ کو حسب طریق مندرجہ پانچ دفعہ جمع کرو تو بھی وہی نتیجہ حاصل ہوگا کیونکہ ضرب دراصل مختصر طریق پر یکسان عددون کے جمع کرنیکو کہتے ہین جیسے

۵۲۳
۵۲۳
۵۲۳
۵۲۳
۵۲۳
۲۶۱۵

ضرب کرنے کا طریق

مثال ۲

پانچ ستے پینتیس ۳۵ سکے ۵ ہاتھ لگے تین ۳ چار ستے اٹھائیس ۲۸ اور تین ۳ اکتیس ۳۱ کا ایک ۱ ہاتھ لگے تین ۳ اور نو ۹ ستے ترسٹھ ۶۳ اور تین ۳ چھیاسٹھ ۶۶ اور صفر کو سات مین ضرب دیا تو صفر ہی رہا آٹھ ۸ ستے چھپن ۵۶ سکے چھ ۶ ہاتھ لگے پانچ ۵ و سات ستے اونچاس ۴۹ اور پانچ چون ۵۴ —

پانچ تیے پندرہ ۱۵ کے پانچ ۵ ہاتھ لگا ایک ۱ اور چار تیے بارہ ۱۲ اور ایک تیرہ ۱۳ کے تین ۳ ہاتھ لگا ایک ۱ نو ۹ تیے ستائیس ۲۷ اور ایک اٹھائیس ۲۸ —

اور صفر کو تین ۳ مین ضرب دیا تو صفر ہی رہا آٹھ ۸ تیے چوبیس ۲۴ کے چار ۴ ہاتھ لگے دو ۲ اور سات تیے اکیس ۲۱ اور دو ۲ تئیس ۲۳ — اسطرح عمل ضرب جاری رکھو —

اگر مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ نہو تو عمل ضرب ایک ہی سطر مین ۱۲ تک کو پہاڑونکو

ذریعہ سے آسانی ہو سکتا ہے —

مثلاً ۳۲۵ کو ۱۲ میں ضرب دو

۳۲۵ مضروب

۱۲ مضروب فیہ

۳۹۰۰ حاصل ضرب

بارہ[۱۲] پنجے[۵] ساٹھ[۶۰] کا صفر ہاتھ لگے چھ[۶] اور بارہ[۱۲] دونا چوبیس[۲۴] اور چھ تیس[۳۰] کا صفر ہاتھ لگے تین[۳] اور بارہ[۱۲] تیے[۳] چھتیس[۳۶] اور تین[۳] انتالیس[۳۹] —

مثال دو

۴۳۷۵ کو ۱۶ میں ضرب دو

۴۳۷۵ مضروب فیہ

۱۶ مضروب

۷۰۰۰۰ حاصل ضرب

سولہ[۱۶] پنجے[۵] اسی[۸۰] کا صفر ہاتھ لگے آٹھ[۸] اور سولہ ستے[۷] ایک سو بارہ[۱۱۲] اور آٹھ ایک سو بیس[۱۲۰] کا صفر ہاتھ لگے بارہ[۱۲] سولہ[۱۶] تیے[۳] اڑتالیس[۴۸] اور بارہ[۱۲] ساٹھ[۶۰] کا صفر ہاتھ لگے چھ[۶] اور سولہ[۱۶] چوکے[۴] چونسٹھ[۶۴] اور چھ[۶] ستر —

اس عمل کو ضرب بمفرد بیٹا کہتے ہیں —

اختصار قاعدہ

اگر مضروب اور مضروب فیہ دونوں اعداد کے اول میں صفر ہوں تو ان کے باقی ہندسوں کو آپس میں ضرب کرو اور حاصل ضرب کے داہنی طرف اتنے صفر رکھ دو جتنے صفر کہ مضروب اور مضروب فیہ دونوں کے اول ہوں —

جیسے ۲۵۰۰ مضروب

مضروب فیہ

۲۲۵۰۰۰ حاصل ضرب

اور جو صفر مضروب فیہ کے درمیان ہین ہوون تو مضروب فیہ کے ہر ایک ہندسہ سے مضروب کو ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہون انکو اس ترتیب پر لکھو کہ ہر ایک حاصل ضرب مضروب فیہ کے اوس ہندسہ کے تلے لکھا جاوے جس ہندسہ سے مضروب کو ضرب دینے سے حاصل ضرب مذکور نکلا ہو۔

جیسے

۲۷۸۴۵	مضروب
۹۰۴	مضروب فیہ
۱۱۱۳۸۰	
۲۵۰۶۰۵	
۲۵۱۷۱۸۸۰	حاصل ضرب

ضرب کرنیکا دوسرا طریق جب مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ ہو لیکن اجزاء ضربی اوسکی ہوسکتی ہون

اگر مضروب فیہ کے اجزاء ضربی اون پہاڑون سے جو تمنے یاد کیے ہین حاصل ہوسکین تو اجزاے مذکورہ دریافت کرکے مضروب کو اول ایک جزو ضربی سے لقاعدہ ضرب بالا ضرب دو اور بعد ازان حاصل ضرب کو دوسرے جزو ضربی سے اور علی ہذا القیاس یہی عمل کرتے جاو جب تک کہ کل اجزاء ضربی مضروب فیہ کے تمام ہوجاوین مثلاً مضروب ۵۲۳ - اور مضروب فیہ ۲۵ ہے -
اب ۵ کے پہاڑے سے ۲۵ کے اجزاے ضربی ۵ اور ۵ ہین پس پہلے ۵۲۳ کو بطریق مندرجہ بالا ۵ مین ضرب دیا۔

جیسے	۵۲۳	
	۵	
	۲۶۱۵	پس یہ ۵۲۳ و ۵ کا حاصل ضرب ہوا
	۵	اسکو پھر ۵ مین ضرب دیا
	۱۳۰۷۵	پس یہ ۵۲۳ و ۲۵ کا حاصل ضرب ہوگیا

الا یاد رکھنا چاہیے کہ اجزاء ضربی کے ذریعہ سے عمل ضرب صرف انھین صورتون مین ہوسکتا ہے جبکہ مضروب فیہ کے اجزاء ضربی پہاڑون سے حاصل ہوسکتے ہین

مثلاً ۱۲ کے اجزاء ضربی ۳ و ۴ یا ۶ و ۲ ۔ اور ۳۲ کے اجزاء ضربی ۸ و ۴ و ۶۳ کے اجزاء ضربی ۹ و ۷ ۔ ۳ و ۴ و ۷ کے پہاڑون سے حل ہو سکتے ہین تو جب اس قسم کے مضروب فیہ ہووین تو اونسے بموجب قاعدہ اجزاء ضربی ضرب ہو سکتی ہے اگر مضروب فیہ ایسے ہووین کہ اوسکے اجزاء ضربی نہو سکین مثلاً ۳۱ و ۶۷ تو اونسے عمل ضرب بموجب قاعدہ ذیل کیا جاویگا۔

تیسرا طریق

مثلاً ۷۰۸۷۲ کو ۳۱ سے ضرب کرو تو ۳۱ = ۱ + ۳ × ۱۰

یعنی مضروب کو پہلی ایک مین ضرب دے اور پھر اوسکو تین مین اور پچھلی حاصل ضرب کو دس مین ضرب دیکر دوسرے حاصل ضرب مین پہلے حاصل ضرب کو جمع کرے تو ۳۱ کا حاصل ضرب مضروب مفروض سے حاصل ہو جاویگا ۔ پس سوال مذکور کا اسطرح عمل کرنا چاہیے۔

۷۰۸۷۲ +
۳

